www.awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ | عوام کی بے ساختہ للکار | ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | بدھ ، 18 نومبر 2026ء ، 8 جمادی الثانی 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 204

سینیٹر روبینہ خالد کا پتوکی دفتر اور ڈائنامک رجسٹریشن سینٹر کا دورہ

ایک کروڑ سے زائد خواتین کے ڈیجیٹل والٹس کی تکمیل بڑی کامیابی؛ خواتین انٹرآپریبلیٹی کی سہولت سے ملک بھر میں کسی بھی وقت اور کسی بھی شہر سے رقم نکلوا سکتی ہیں

نئی پالیسی کے تحت 45 سال یا اس سے زائد عمر کی غیر شادی شدہ مستحق خواتین کو بھی مقررہ اہلیتی معیار کے مطابق بینظیر کفالت پروگرام میں شامل کیا جائے گا، چیئرپرسن بی آئی ایس پی



چیئرپرسن بی آئی ایس پی سینیٹر روبینہ خالد پتوکی میں خواتین کے مسائل سن رہی ہیں

اسلام آباد (این ای این) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد نے آج پتوکی میں بی آئی ایس پی دفتر اور ڈائنامک رجسٹریشن سینٹر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے خواتین بینیفشریز سے ملاقات کی، ان کے مسائل سنے اور متعلقہ عملے کو فوری حل کی ہدایت کی۔ انہوں نے بتایا کہ بی آئی ایس پی کے نئے ڈیجیٹل ادائیگی نظام کے تحت چھ پارٹنر بینکوں، حبیب بینک لمیٹڈ (HBL)، بینک (بقیہ نمبر 1)

دریائے سندھ پر لیہ، تونسہ پل سے منسلک سڑکوں کی تعمیر شروع

منصوبہ 10 سال سے زیر التوا، نئی سڑکیں 2 ماہ میں مکمل، وزیراعظم افتتاح کرینگے

لیہ، تونسہ پل پر لائٹنگ، اراضی متاثرین کو فوری ادائیگی ہوگی، عبدالعلیم خان

ملتان (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ جنوبی پنجاب کے عوام سے کیا گیا وعدہ پورا کر دیا، دریائے سندھ پر لیہ، تونسہ پل سے منسلک دونوں اطراف کی سڑکوں کی تعمیر کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے، 10 سال قبل پل کی تعمیر مکمل (بقیہ نمبر 38)

بجلی ایک روپے 34 پیسے مہنگی ہونے کا امکان

نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے سماعت مکمل کرنے کے بعد فیصلہ محفوظ کرلیا، بعد میں جاری کیا جائیگا

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر کیلئے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں بجلی ایک روپے 34 پیسے مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے سماعت مکمل کرنے کے بعد فیصلہ محفوظ کرلیا، بعد میں جاری کیا (بقیہ نمبر 41)

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ترک فضائیہ کے کمانڈر کی ملاقات

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے دونوں ممالک کے گہرے تاریخی، ثقافتی اور اسٹریٹجک تعلقات کو اجاگر کیا

راولپنڈی (این این آئی) چیف آف ڈیفنس فورسز اور آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ترک فضائیہ کے کمانڈر جنرل رافت ڈالکیران نے ملاقات کی جس میں دفاعی تعاون بڑھانے پر گفتگو کی گئی۔ مسلح افواج (بقیہ نمبر 40)

برآمدات کو تیز رفتار بنانے کے لئے حکومت کا جامع پلان سامنے آگیا

وزارت صنعت و پیداوار نے لاگت کم کرنے، پیداوار بڑھانے، عالمی منڈیوں تک رسائی کے لیے تجاویز پیش کردیں

لاہور (این این آئی) پاکستانی برآمدات کو تیز رفتار بنانے کے لیے حکومت کا جامع پلان سامنے آ گیا۔ وزارت صنعت و پیداوار نے برآمدی صنعتوں کی لاگت کم کرنے، پیداوار بڑھانے اور عالمی منڈیوں تک رسائی (بقیہ نمبر 39)

بانی پی ٹی آئی کا خط علاج معالجے سے متعلق پروپیگنڈے سے زیادہ کچھ نہیں ہے، عظمیٰ بخاری

بانی پی ٹی آئی نے تحریری طور پر این آر او مانگا

دوسروں کی بیماریوں کا مذاق اڑانے والا آج خود جیل میں بیمار ہوگیا، بانی پی ٹی آئی کا آٹھ مرتبہ طبی معائنہ، روزانہ تین بار وائٹل سائنز چیک کیے جاتے ہیں

جیل میں بانی پی ٹی آئی کو ایسی طبی سہولیات میسر ہیں جو پاکستان میں کسی قیدی کو حاصل نہیں، بشریٰ بی بی کا ان کے سیل میں چوہے، کاکروچ اور سات چھوٹے سانپ نکلنے کا دعویٰ بھی بے بنیاد ہے

لاہور (این ای این) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کا خط علاج معالجے سے متعلق پروپیگنڈے سے زیادہ کچھ نہیں، انہوں نے تحریری طور پر اپنے دستخط کے ساتھ این آر او مانگا ہے۔ دوسروں کی بیماریوں کا مذاق اڑانے والا آج خود جیل میں بیمار ہوگیا ہے، جبکہ جیل میں طبی سہولیات نہ ملنے کا شکوہ سراسر جھوٹ پر مبنی ہے۔ اپنے بیان میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ میاں نواز شریف کے سیل سے سانپ نکلنے کی بات ہو یا بیگم کلثوم نواز کے ہسپتال پر دھاوا بولنے کا واقعہ، آج یہ لوگ مکافاتِ عمل کا شکار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سابق وزیراعظم عمران خان کا اڈیالہ جیل میں قید کے دوران آٹھ مرتبہ باقاعدہ طبی ماہرین نے معائنہ کیا۔ جیل میں ڈیوٹی پر موجود میڈیکل (بقیہ نمبر 3)

راولپنڈی ڈویژن میں کام کی جگہوں پر پیشہ ورانہ تحفظ اور صحت کو یقینی بنانے کے لیے خصوصی مہم کا آغاز

محنت کشوں کو محفوظ اور صحت مند ماحول کی فراہمی اولین ترجیح ہے

سیکرٹری لیبر پنجاب سمن رائے کی ہدایت پر ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر غلام شبیر کلیار کے مختلف صنعتی و تجارتی اداروں کے معائنے

پنجاب پیشہ ورانہ تحفظ و صحت ایکٹ 2019ء پر عملدرآمد اور مزدوروں کو ذاتی حفاظتی سامان (PPEs) کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت

لاہور (این ای این) صوبہ بھر کے صنعتی اور تجارتی اداروں میں کام کرنے والے محنت کشوں کو محفوظ اور صحت مند ماحول فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ محترمہ سمن رائے، سیکرٹری محکمہ محنت وانسانی وسائل، حکومت پنجاب، لاہور کی ہدایات کی روشنی میں راولپنڈی ڈویژن کے صنعتی اور تجارتی اداروں میں کام کرنے والے محنت کشوں میں پیشہ ورانہ تحفظ اور صحت سے متعلق آگاہی پیدا کرنے اور متعلقہ قوانین (بقیہ نمبر 7)

پاکستان اور ترکیہ کا دفاعی و ایرو اسپیس تعاون بڑھانے پر اتفاق

ترک فضائیہ کے سربراہ جنرل رفعت دالکران کی ایئر ہیڈکوارٹرز آمد، گارڈ آف آنر پیش کیا گیا، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے اہم ملاقات

جدید ٹیکنالوجی، ڈرون سسٹمز اور ایرو اسپیس میں اشتراک بڑھانے پر غور؛ ترک کمانڈر کا پاک فضائیہ کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور حربی تجربے کا اعتراف



اسلام آباد: ترک فضائیہ کے کمانڈر جنرل رفعت دالکران کی سربراہی میں اعلیٰ سطحی دفاعی وفد ایئر ہیڈکوارٹرز میں سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات کر رہا ہے

اسلام آباد (این ای این) ترک فضائیہ کے کمانڈر، جنرل رفعت دالکران کی سربراہی میں اعلیٰ سطح کے دفاعی وفد نے ایئر ہیڈکوارٹرز، اسلام آباد میں سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں برادر ممالک کے دیرینہ تزویراتی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے، دفاعی شعبے میں باہمی تعاون کے فروغ، جدید ٹیکنالوجی کے میدان میں اشتراکِ عمل اور فضائی قوت کو درپیش عصری چیلنجز سے نمٹنے کے لیے مشترکہ حکمتِ عملی وضع کرنے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلۂ خیال کیا گیا۔ ایئر ہیڈکوارٹرز آمد پر ترک فضائیہ کے کمانڈر کا پاک فضائیہ کے چاق و چوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کر کے پرتپاک استقبال کیا۔ ملاقات کے دوران (بقیہ نمبر 2)



اسلام آباد: ترک فضائیہ کے کمانڈر جنرل رفعت دالکران ایئر ہیڈکوارٹرز آمد پر پاک فضائیہ کے چاق و چوبند دستے کی جانب سے پیش کیے جانے والے گارڈ آف آنر کا معائنہ کر رہے ہیں



لاہور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کو وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی 13 میں انٹرنیشنل کانفرنس آن ریسرچ ان ایجوکیشن 2026 کی افتتاحی تقریب میں سووینئر پیش کر رہے ہیں

راولاکوٹ میں فسادی عناصر کی فائرنگ، رینجرز افسر شہید

جوابی کاروائی میں فسادی ٹولے کے 4 مسلح افراد مارے گئے، آزاد کشمیر پولیس

راولاکوٹ (این این آئی) آزاد کشمیر کے علاقے راولاکوٹ میں فسادی عناصر کی فائرنگ کے نتیجے میں رینجرز کے افسر شہید ہو گئے۔ آزاد کشمیر پولیس کے مطابق (بقیہ نمبر 48)



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان ملاقات کر رہے ہیں، سینیٹر پرویز رشید بھی موجود ہیں

وزیر تجارت سے ترکمانستان کے وزیر تجارت کی ملاقات

کاروباری تعاون بڑھانے کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان سے ترکمانستان کے وزیر تجارت و خارجہ اقتصادی تعلقات دورگلی سلیمانوف نے اسلام آباد میں ملاقات کی اور دونوں ممالک کے درمیان تجارت کے فروغ، علاقائی روابط کے استحکام، منڈیوں تک (بقیہ نمبر 49)

بیماریوں سے بچاؤ کو اولین ترجیح بنانا ہوگا، سابق وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر سعید راہی

"عوامی صحت کے تحفظ کے لیے پیک شدہ خوراک پر نمایاں انتباہی لیبلز (FOPWLs) کا لازمی نفاذ ناگزیر ہے"، میجر جنرل (ر) مسعود الرحمٰن کیانی

پناہ کے زیر اہتمام لاہور میں علماء کانفرنس، غیر صحت بخش غذاؤں سے آئندہ نسلوں کو محفوظ بنانے کیلئے فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز کے فوری نفاذ کا مطالبہ

لاہور (این ای این) پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) کے زیر اہتمام لاہور میں علماء کانفرنس کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد غیر صحت بخش کھانے پینے کی اشیاء پر جینگ کے سامنے نمایاں انتباہی لیبلز (Front-of-Pack Warning Labels FOPWLs) کے لازمی نفاذ کی فوری ضرورت کو اجاگر کرنا تھا۔ کانفرنس میں مذہبی علماء، حکومتی نمائندوں اور ماہرینِ صحت نے اس (بقیہ نمبر 8)



پاکستان نیشنل ہارٹ ایسوسی ایشن (پناہ) کے زیر اہتمام علماء کانفرنس کے انعقاد کے موقع پر شرکاء کا گروپ فوٹو

دوسرا بین الاقوامی مقابلہ قرآت 24 سے شروع ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ وزارت مذہبی امور کے زیر اہتمام پاکستان کو دوسرے بین الاقوامی مقابلہ قرت قرآن کریم کا اعزاز حاصل ہوگا جو 24 سے 26 نومبر کو اسلام آباد میں منعقد ہوگا، بین الاقوامی مقابلہ قرت قرآن کریم مسلم امہ کے اتحاد، باہمی احترام اور قرآن کریم سے وابستگی کو مزید مضبوط بنانے میں معاون ثابت ہوگا۔ منگل کو وزارت مذہبی امور (بقیہ نمبر 44)

عوامی گزرگاہیں اور بازار تجاوزات سے پاک رکھے جائیں

وزیراعلیٰ پنجاب کے متوقع دورہ راولپنڈی کے پیشِ نظر صفائی ستھرائی اور دیگر شہری سہولیات کے تمام انتظامات بروقت مکمل کرنے کی ہدایت

تندوروں پر روٹی کے وزن اور قیمت کی باقاعدہ نگرانی کی جائے، اے ڈی سی انفورسمنٹ عبدالرحمٰن خان کی افسران کو ہدایات

راولپنڈی (این ای این) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ عبدالرحمٰن خان کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس راولپنڈی کے کمیٹی روم میں اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں تجاوزات کے خاتمے، سرکاری آٹے کی تقسیم و ترسیل، اس کے مکمل ریکارڈ کی تصدیق اور تندوروں پر روٹی کی مقررہ قیمت پر عملدرآمد کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں تمام اسسٹنٹ کمشنرز، ایس ڈی ای اوز پیرا، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن اور چیف آفیسر ضلع کونسل سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ہدایت کی گئی کہ سرکاری آٹے کی تقسیم اور ترسیل کے تمام مراحل کو شفاف بنایا جائے اور اس حوالے سے مکمل ریکارڈ مرتب کیا جائے تاکہ آٹے کی فراہمی اور مستحقین تک اس کی رسائی کو یقینی (بقیہ نمبر 4)



راولپنڈی: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ عبدالرحمان خان ناجائز تجاوزات کے خاتمے سرکاری آٹے کی تقسیم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ صاف پانی پروگرام کے تحت راولپنڈی ڈویژن میں 30 نومبر تک 706 نئے فلٹریشن پلانٹس نصب ہوں گے، کمشنر سلمان غنی

راولپنڈی ڈویژن میں 706 فلٹریشن پلانٹس مکمل و فعال کرنے کا ہدف

اٹک میں 249، راولپنڈی 138، جہلم 119، تلہ گنگ 78، چکوال 72 اور مری میں 50 پلانٹس لگائے جائیں گے

تمام پلانٹس کی جیوٹیگنگ، واٹر کوالٹی ٹیسٹنگ اور شہری کی تصدیق کے بغیر شکایت بند نہ کرنے کی ہدایت، شکایات کیلئے ہیلپ لائن 1336 فعال

راولپنڈی (این ای این) کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی نے صاف پانی کی فراہمی اور واٹر فلٹریشن پلانٹس کے حوالے سے منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر راولپنڈی ندیم ناصر، میونسپل ڈائریکٹر واسا، ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ، (بقیہ نمبر 10)

پاکستان کسٹمز کراچی کی اسمگلنگ کے خلاف متعدد بڑی کارروائیاں

چھالیہ، بھارتی گٹکا، تمباکو مصنوعات اور شیشہ فلیورز و لوازمات ضبط

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان کسٹمز کے کلکٹریٹ آف کسٹمز انفورسمنٹ، کراچی نے اسمگلنگ کے خلاف مؤثر نگرانی اور مسلسل کارروائیوں کے تحت تین علیحدہ اقدامات میں اسمگل شدہ چھالیہ، بھارتی ساختہ گٹکا، تمباکو (بقیہ نمبر 50)

سی ٹی ڈی کا آپریشن، کالعدم تنظیم عہدیدار فتنہ الخوارج کا دہشت گرد گرفتار

ساہیوال (این این آئی) سی ٹی ڈی نے ایک کارروائی کے دوران لنک روڈ دیپال پور بائی پاس اوکاڑہ پر کالعدم تنظیم جماعت الاحرار تحریک طالبان پاکستان فتنہ الخوارج (بقیہ نمبر 51)

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات دو مرحلوں میں کرانے کا فیصلہ

پہلے، دوسرے مرحلے میں 18، 18 اضلاع میں انتخابات ہوں گے

لاہور (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات دو مرحلوں میں کرانے کی تجویز سے اتفاق کر لیا۔ پہلے مرحلے میں 18 اضلاع میں بلدیاتی انتخابات ہوں گے۔ پہلے مرحلے میں لاہور، چکوال، تلہ گنگ، پاکپتن، سیالکوٹ، اوکاڑہ، راجن پور، نارووال، چنیوٹ، خانیوال، ننکانہ صاحب، قصور، راولپنڈی، مری، ڈیرہ غازی خان، تونسہ، بہاولپور، لودھراں، سرگودھا، حافظ آباد اور بھکر میں انتخابات ہوں گے (بقیہ نمبر 42)

ڈپٹی کمشنر کا گورنمنٹ ہائی سکول برائے نابینا طالبات شمس آباد کا دورہ

قومی نابینا خواتین گیمز کے لیے منتخب طالبہ سمیرا ملک اور آرٹ اینڈ کرافٹ مقابلوں میں پوزیشن لینے والی بچیوں کی حوصلہ افزائی

خصوصی بچوں کی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی انتہائی اہم ہے، ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر

راولپنڈی (این ای این) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے گورنمنٹ ہائی سکول برائے نابینا طالبات شمس آباد کا دورہ کیا اور ادارے میں جاری تعلیمی و ہم نصابی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے طالبات کی صلاحیتوں، کامیابیوں اور نمایاں کارکردگی کو سراہا۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے طالبات میں موسم سرما کے یونیفارم تقسیم کیے۔ اس موقع پر قومی نابینا خواتین گیمز کی ٹیم کے لیے منتخب ہونے والی طالبہ سمیرا ملک کو ان کی شاندار کامیابی کے اعتراف میں تعریفی سند بھی پیش کی گئی۔ اسی (بقیہ نمبر 9)



راولپنڈی: ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر گورنمنٹ ہائی سکول نابینا میں نمایاں کارکردگی دکھانے والی طالبات میں تحائف اور یونیفارم تقسیم کر رہے ہیں

برداشت رواداری پر امن و مہذب معاشرے کی اصل بنیاد ہیں

اور باہمی احترام ہی

نفرت اور انتہا پسندی کے خاتمے کے لیے تعلیم و تربیت اور مثبت مکالمے کو فروغ دینا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے، مقررین

عالمی یوم برداشت پر ہینڈل فاؤنڈیشن اور رفاہ انٹرنیشنل کالج کے زیر اہتمام تقریب، ملک آفتاب اعوان، پروفیسر جہانزیب قمر، طارق قاسمی و دیگر کی شرکت

سرگودھا (طارق قاسمی سے) عالمی یوم برداشت کے موقع پر ہینڈل فاؤنڈیشن اور رفاہ انٹرنیشنل کالج کے زیر اہتمام تقریب، ملک آفتاب اعوان، پروفیسر جہانزیب قمر، طارق قاسمی و دیگر کی شرکت



سرگودھا: ہینڈل فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام رفاہ انٹرنیشنل کالج میں عالمی یوم برداشت کے موقع پر منعقدہ سیمینار سے محمد عامر اسلم، راؤ حسن تسلیم، ڈاکٹر مہوش باجوہ، خواجہ فیصل رزاق، عبدالرشید چوہدری، ملک آفتاب احمد اعوان، راشدہ پروین، طارق قاسمی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

فریال تالپور، گورنر سلیم حیدر خان، راجہ پرویز اشرف کی پتوکی آمد

سابق رکن پنجاب اسمبلی امجد علی سے اہلیہ کے انتقال پر تعزیت

پتوکی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی شعبہ خواتین کی مرکزی صدر فریال تالپور نے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان، سابق وزیراعظم و پارٹی کے مرکزی رہنما (بقیہ نمبر 43)

عدالت سے واپسی پر فائرنگ، باپ بیٹی جاں بحق، وکیل زخمی

مقتولین کی شناخت شہلا بی بی اور ان کے والد سیف اللہ کے ناموں سے ہوئی

ڈیرہ اسماعیل خان (این این آئی) ڈیرہ اسماعیل خان میں عدالت میں پیشی کے بعد گھر واپس جانے والے باپ بیٹی فائرنگ سے جاں بحق، مقامی وکیل کا اسسٹنٹ زخمی ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل دریا خان میں سینما موڑ کے قریب ملزم کی اندھا دھند (بقیہ نمبر 45)



کراچی: پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کراچی پریس کلب کے دورے کے موقع پر سینئر صحافی نذیر لغاری سے ان کی صحت سے متعلق خیریت دریافت کر رہے ہیں

پارٹی ایک دوسرے سے دست و گریباں ہے، یہ عمران کو کیا چھڑائیں گے

یہ چاہتے ہیں کے بانی اندر رہیں تاکہ ان کی دکانداری چلتی رہے، خواجہ آصف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے پی ٹی آئی رہنماں پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ساری پارٹی ایک دوسرے سے دست و گریباں ہے یہ بانی پی ٹی آئی کو کیا چھڑائیں گے؟ خواجہ آصف نے پی ٹی آئی کے رہنما لطیف کھوسہ اور (بقیہ نمبر 46)

سابق صوبائی وزیر تیمور سلیم جھگڑا و دیگر ملزمان کی ضمانتیں خارج

ضمانت خارج ہونے کے بعد پولیس کی ملزمان کو گرفتار کرنے کی کوشش وکلا نے ناکام بنادی

اسلام آباد (این این آئی) انسداد دہشتگردی عدالت پشاور نے ریڈیو پاکستان حملہ کیس میں نامزد پی ٹی آئی کے سابق صوبائی وزیر تیمور سلیم جھگڑا، کامران بنگش اور عرفان سلیم کی عبوری ضمانت کی درخواستیں خارج کر دیں۔ فیصلہ سنائے جانے کے بعد (بقیہ نمبر 47)

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

کفایت شعاری۔۔؟

وزارتِ خزانہ کی دستاویزات کے مطابق رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران وفاقی حکومت کے اخراجات میں سالانہ بنیادوں پر 28.21 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں یہ اخراجات 161 ارب 18 کروڑ روپے تھے جو رواں مالی سال 206 ارب 64 کروڑ روپے تک پہنچ گئے۔ حکومت کی جانب سے کفایت شعاری اور قومی وسائل کے محتاط استعمال کے دعوؤں کے باوجود اخراجات میں مسلسل اضافے کا رجحان تشویش کا باعث ہے۔ مالی سال 22-2021ء میں حکومتی اخراجات 547 ارب روپے تھے جو 25-2024ء میں 892 ارب روپے ہو گئے جبکہ رواں مالی سال اس مقصد کیلئے 1071 ارب روپے مختص کیے گئے ہیں۔ سرکاری محکموں کی تعداد، عملے کی نفری اور ان محکموں اور انکی افرادی قوت کی عملی کارکردگی میں بُعد طرفین پایا جاتا ہے۔
بعض امور جو اٹھارہویں آئینی ترمیم کے بعد صوبوں کو منتقل ہو چکے، وفاقی سطح پر بھی انکے محکمے موجود ہیں۔ ملکی خزانے کی بچت کیلئے ایسے غیر ضروری محکموں کا خاتمہ ناگزیر ہے۔ اسی طرح کابینہ کے حجم اور کارکردگی کا آڈٹ بھی ہونا چاہیے۔ آبادی، رقبے، عالمی اثر و رسوخ اور معیشت کے اعتبار سے ہم سے کہیں بڑے ممالک اگر ہماری نسبت آدھی کابینہ کیساتھ اپنا نظام چلا سکتے ہیں تو ہم کیوں نہیں؟ حکومت کو غیر ضروری اخراجات کم کر کے یہی وسائل عوام پر خرچ کرنے چاہئیں۔

منرلز، پٹرولیم قیمتیں اور پاکستانی معیشت

میاں عمران احمد

وطنِ عزیز کے پاس قدرتی وسائل اور معاشی امکانات تو موجود ہیں لیکن انہیں قومی آمدنی، برآمدات اور صنعتی ترقی میں تبدیل کرنے کی صلاحیت ابھی تک محدود ہے۔ کئی دہائیوں سے ملک ٹیکسٹائل، چاول، چمڑے اور چند دیگر روایتی شعبوں کی برآمدات پر انحصار کر رہا ہے جبکہ دوسری طرف درآمدی بل، بیرونی قرضوں اور ڈالر کی کمی کا مسئلہ مسلسل موجود ہے۔ ایسے میں پاکستان کے معدنی ذخائر ایک ایسا موقع فراہم کر سکتے ہیں جس سے نہ صرف برآمدات میں اضافہ ہو بلکہ ملک کی صنعتی بنیاد بھی مضبوط ہو سکے۔ اس حوالے سے اسلام آباد میں "پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم" کے انعقاد نے عالمی توجہ حاصل کی ہے، جس میں 60 سے زائد ممالک کے نمائندوں، بین الاقوامی سرمایہ کاروں، کان کنی کی کمپنیوں اور حکومتی عہدیداروں نے شرکت کی ہے۔ اس فورم میں تقریباً 10 ہزار سے زائد افراد شریک ہوئے جبکہ 122 اداروں نے اپنی مصنوعات اور ٹیکنالوجی پیش کی۔ 13 معاہدوں اور مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط بھی کیے گئے ہیں۔ ان معاہدوں میں معدنیات کی تلاش، جدید جیولوجیکل سروے، کان کنی، جدید ٹیکنالوجی اور معدنیات کی پروسیسنگ جیسے شعبے سرفہرست ہیں۔ بلوچستان کے ضلع چاغی میں تانبے اور سونے کے نئے ذخائر کی دریافت سے متعلق اعلانات عالمی توجہ کا مرکز بنے رہے۔ Weir، Ivanhoe Mines اور Trafigura جیسی بین الاقوامی کمپنیوں کے نمائندوں نے بھی سرمایہ کاری، معدنی تجارت اور جدید کان کنی کے امکانات پر بات چیت کی۔ کینیڈا کی بڑی کان کنی کمپنی بیرک مائننگ نے کراچی اور گوادر میں معدنیات کی پروسیسنگ کی صنعتوں کے قیام میں دلچسپی ظاہر کی ہے۔ اگر یہ منصوبے عملی شکل اختیار کرتے ہیں تو ملک کو صرف معدنیات نکالنے کے بجائے ان کی ویلیو ایڈیشن کا موقع بھی مل سکتا ہے۔ اس فورم سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے بیرونی سرمایہ کاروں کو سرمایہ کاری کی دعوت دی جبکہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے معدنی منصوبوں اور ان سے وابستہ افراد کے تحفظ کی یقین دہانی کرائی ہے۔ یہ اعلانات اہم ہیں لیکن سرمایہ کاروں کو اصل پیغام عملی نتائج سے ملے گا۔ 13 معاہدوں پر دستخط اپنی جگہ ایک اہم پیشرفت ہیں مگر یہ جاننا بھی ضروری ہوگا کہ ان معاہدوں میں کتنی حقیقی سرمایہ کاری شامل ہے، کتنے منصوبوں کی فزیبلٹی مکمل ہوگی اور کتنے منصوبے پیداوار کے مرحلے تک پہنچیں گے۔

اُدھر ڈونلڈ ٹرمپ کی ری پبلکن پارٹی کے امریکہ میں مڈٹرم انتخابات ہارنے اور نیتن یاہو کی جماعت کے اسرائیل میں اکثریت حاصل نہ کر پانے کے بعد مشرق وسطیٰ میں جاری کشیدگی میں کمی کی امید پیدا ہوئی ہے۔ اس امید کے ساتھ عالمی آئل مارکیٹس میں مثبت رجحان دیکھا جا رہا ہے۔ انٹرنیشنل انرجی ایجنسی کے مطابق رواں سال کی آخری سہ ماہی میں عالمی منڈی ایک مرتبہ پھر اضافی رسد کی صورتحال میں داخل ہو سکتی ہے۔ یہ تبدیلی اس لیے بھی اہم ہے کہ اس سے پہلے آئی ای اے نے اسی سہ ماہی میں تیل کی قلت کا خدشہ ظاہر کیا تھا۔ عالمی منڈی میں اس تبدیلی کے پیچھے دو بڑی وجوہات ہو سکتی ہیں، پہلی وجہ مشرق وسطیٰ سے تیل کی برآمدات کی بحالی ہے جبکہ دوسری وجہ زیادہ قیمتوں کے باعث عالمی طلب میں کمی ہے۔ 2026ء کے اختتام پر عالمی تیل کی طلب 27 لاکھ بیرل یومیہ کم ہو کر 10 کروڑ 23 لاکھ بیرل یومیہ رہنے کی توقع ہے۔ اس بدلتی ہوئی عالمی صورتحال سے پاکستان کو کتنا فائدہ پہنچ سکتا ہے؟ پاکستان کیلئے تیل کی قیمتوں میں کمی محض پٹرول سستا ہونے کا معاملہ نہیں بلکہ یہ براہ راست زرمبادلہ، تجارتی خسارے، روپے کی قدر اور مہنگائی سے جڑا ہوا ہے۔ مالی سال 2025-26ء کے پہلے نو ماہ یعنی جولائی سے مارچ کے دوران پاکستان نے تقریباً 138 لاکھ ٹن پٹرولیم مصنوعات درآمد کیں، جن پر 8.9 ارب ڈالر خرچ ہوئے۔ گزشتہ مالی سال کے اسی عرصے میں درآمدی بل تقریباً 8.4 ارب ڈالر تھا۔ یوں درآمدات کی مقدار میں 10.5 فیصد جبکہ درآمدی اخراجات میں 6.3 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ اصل سوال یہ نہیں کہ عالمی منڈی میں روزانہ 17 لاکھ بیرل اضافی تیل دستیاب ہونے جا رہا ہے بلکہ سوال یہ ہے کہ پاکستان اس معاشی موقع سے کتنا فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ عالمی منڈی میں تیل کی فراوانی پاکستان کیلئے درآمدی بل کم کرنے اور معیشت کو سہارا دینے کا موقع ضرور ہے لیکن اگر اسکا فائدہ صرف محصولات تک محدود رہا اور عوام کو ریلیف نہ ملا تو عالمی قیمتوں میں کمی کے باوجود پاکستانی عوام کیلئے مہنگائی کا بوجھ کم ہونا مشکل ہے۔

دوسری جانب پاکستان اپنی برآمدات بڑھانے کیلئے نئی منڈیوں کی تلاش میں ہے۔ مشرق وسطیٰ، یورپ اور امریکہ کی منڈیوں پر انحصار کم کرنے کیلئے افریقہ ایک اہم خطہ ثابت ہو سکتا ہے۔ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور ایتھوپیا کی وزیر تجارت یاسمین وہابریبی کے درمیان ورچوئل ملاقات ہوئی ہے۔ دوطرفہ تجارت، ادویات کی برآمدات، تجارتی رکاوٹوں اور ایتھوپیا کی عالمی تجارتی تنظیم میں شمولیت کے حوالے سے معاملات طے پائے ہیں۔ لیکن تشویش اس بات پر زیادہ ہے کہ ایتھوپیا جیسے ملک سے بھی پاکستان کی درآمدات، برآمدات سے کہیں زیادہ ہیں۔ پاکستان ایتھوپیا کو سالانہ تقریباً سات لاکھ ڈالر کی مصنوعات برآمد کرتا ہے جبکہ ایتھوپیا سے پاکستان کی درآمدات تقریباً ایک کروڑ 91 لاکھ ڈالر ہیں۔ یعنی پاکستان کو ایتھوپیا کے ساتھ باہمی تجارت میں تقریباً ایک کروڑ 84 لاکھ ڈالر خسارے کا سامنا ہے۔ یعنی ایک ایسی منڈی جس کی آبادی 13 کروڑ سے زیادہ ہے، وہاں پاکستان کی برآمدات ابھی ایک ملین ڈالر تک بھی نہیں پہنچ سکی ہیں جبکہ ایسے ممالک میں برآمدات کے سٹینڈرڈز بھی زیادہ سخت نہیں ہوتے۔ 13 کروڑ سے زیادہ آبادی والی منڈی میں پاکستانی برآمدات کا صرف سات لاکھ ڈالر ہونا اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ پاکستان کیلئے مواقع موجود ہیں، لیکن ان مواقع کو کاروبار میں تبدیل کرنے کیلئے ابھی بہت کام کرنا باقی ہے۔

ملکی معیشت میں گزشتہ دو سال سے مالیاتی استحکام، بجٹ خسارے میں کمی اور بنیادی سرپلس کے حصول کو بڑی کامیابی قرار دیا جا رہا ہے۔ حکومت کا مؤقف ہے کہ ٹیکس وصولیوں میں اضافے، اخراجات پر کنٹرول اور مالیاتی نظم و ضبط کے ذریعے معیشت کو مستحکم کیا جا رہا ہے لیکن مالی سال 2026-27ء کی پہلی سہ ماہی کے اعداد و شمار ایک مختلف تصویر پیش کر رہے ہیں۔ جولائی سے ستمبر 2026ء کے دوران پاکستان کا مجموعی مالیاتی سرپلس گزشتہ سال کے مقابلے میں 40 فیصد کم ہو گیا ہے۔ اس کے ساتھ حکومتی آمدنی میں کمی، قرضوں پر سود کی ادائیگیوں میں 3 2 فیصد اضافہ اور صوبائی سرپلس میں 23 فیصد گراوٹ نے مالیاتی استحکام کے حوالے سے نئے سوالات پیدا کر دیے ہیں۔ صوبائی حکومتوں کی مالی کارکردگی بھی تشویش کا باعث ہے۔ پہلی سہ ماہی میں چاروں صوبوں کا مجموعی نقد سرپلس تقریباً 600 ارب روپے رہا جبکہ گزشتہ سال اسی عرصے میں یہ 781 ارب روپے تھا، یعنی صوبائی سرپلس میں تقریباً 23 فیصد کمی ہوئی ہے۔ ٹیکس وصولیوں میں کمی نہیں ہوئی بلکہ اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اس کے باوجود مجموعی آمدنی میں کمی ہوئی ہے جس کی بنیادی وجہ نان ٹیکس ریونیو میں گراوٹ ہے۔ پہلی سہ ماہی میں نان ٹیکس آمدنی 3046 ارب روپے سے کم ہو کر 2617 ارب روپے رہ گئی ہے۔ سود کی ادائیگیوں میں اضافہ ہو رہا اور ترقیاتی اخراجات کیلئے مالی گنجائش محدود ہو رہی ہے۔ حکومت صرف بنیادی سرپلس کو بہتر کارکردگی کے طور پر پیش کر رہی ہے۔ اصل کامیابی یہ نہیں کہ حکومت کاغذوں میں سرپلس دکھا دے بلکہ یہ ہے کہ ملک قرضوں کے بوجھ سے نکلے، معیشت میں نئی سرمایہ کاری آئے، روزگار بڑھے اور عوام کو بنیادی سہولتیں میسر ہوں۔ اگر مالیاتی نظم و ضبط معاشی ترقی اور عوامی خوشحالی میں تبدیل نہیں ہوتا تو صرف سرپلس کے اعداد و شمار سے ملک کا معاشی مستقبل بدلنے کے امکانات کم ہیں۔

بند کمروں کی سیاست

رسول بخش رئیس

ایسی سیاست سے خطرناک کوئی عمل تصور ہی نہیں کیا جا سکتا۔ ہوتا ایسا ہے کہ دو چار یا چند افراد چھپ کر، بند کمروں میں بیٹھ کر قوموں کی قسمت کے فیصلے کر ڈالتے ہیں۔ تاریخ کے صفحات تو بہت ضخیم ہیں مگر ہماری اپنی روایت کے اوراق بھی کچھ کم نہیں۔ یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ جس کسی نے بھی عوام سے اوجھل ہو کر خفیہ، باہمی رازداری میں اقدامات کیے، وہ فقط ان کے اپنے مفادات میں تھے۔ جمہوری سوچ اور اس کا فلسفہ بہت مختلف ہے۔ بند دروازوں کے پیچھے گفتگو تو ہو سکتی ہے مگر وہی عوام کے سامنے بھی بغیر کسی تراش خراش کے پیش کی جاتی ہے۔ پرانے زمانے ہوں یا آج کے، بڑے فیصلے تو در پردہ پہلے کر دیے جاتے ہیں۔ رائے عامہ ہموار کرنے کیلئے انہیں وقت کے تقاضوں کے مطابق رنگ روغن لگا کر دلکش بنانے کی کوشش ہوتی ہے۔ ہمیں سب سے زیادہ نقصان ایسی سیاست سے ہوا ہے۔

پہلے میں آپ کو ایک صدی قبل کے ایسے ہی ایک تاریخی واقعے کا حوالہ دینا چاہتا ہوں جس کا بظاہر مقصد سلطنتِ عثمانیہ کے خاتمے کے بعد مشرقِ وسطیٰ میں نیا ریاستی نظام وضع کر کے وہاں امن و سلامتی قائم کرنا تھا۔ 100 سال بعد بھی وہاں آگ کے شعلے بلند ہو رہے ہیں۔ ہوا یوں کہ یورپ کے اتحادی ممالک سلطنت عثمانیہ کے حصے بخرے کرنے پر تلے ہوئے تھے۔ یہاں کہانی کو طول دینا نہیں چاہتا کہ اس مضمون کا مقصد کچھ اور ہے۔ دو سفارتکاروں، ایک کا تعلق فرانس اور دوسرے کا برطانیہ سے تھا، نے مل کر آزاد کردہ علاقوں میں قائم عرب ریاستوں، ان کی جغرافیائی حدود اور سربراہوں تک کے فیصلے کر دیے۔ جو بادشاہ بنائے گئے وہ اُن خاندانوں میں سے تھے جنہوں نے ان کا ساتھ سلطنت عثمانیہ کی کشتی ڈبونے کیلئے دیا تھا۔ امریکی مورخ ڈیوڈ فرامکن نے 1989ء میں ان واقعات کی تشریح میں جو کتاب لکھی اس کا عنوان ہے "A Peace to End All Peace"۔

ہمارے ملک میں بند کمروں میں ہی فیصلہ ہوا کہ مشرقی پاکستان کی آبادی کا پلڑا بھاری ہے۔ اس کے برابر آبادی کرنے کیلئے مغربی پاکستان کا نیا صوبہ تشکیل دیا جائے، ادھر کے چاروں صوبے ضم ہو جائیں اور اس کا مرکز لاہور ہو۔ سب دلائل ون یونٹ کے حق میں اس وقت بھی مضحکہ خیز لگتے تھے مگر جو معترض تھے ان کی کسی نے نہ سنی۔ نہ جانے مشرقی پاکستان کے سیاستدانوں اور جماعتوں پر کتنا دباؤ تھا کہ آپ اس برابری کو مان لیں کہ آپ آبادی میں زیادہ ہیں اور ہم رقبے میں۔ اسی دلیل کو آج لیں تو پھر بلوچستان کے بارے میں کیا کہا جائے گا؟ یہ دو باتیں پس منظر کے طور پر اس لیے آپ کی نذر کی ہیں کہ آج کل پھر بند کمروں میں سیاست ہو رہی ہے، بلکہ یوں کہہ لیں کہ اس کا نیا دور چل رہا ہے۔ یہ سیاست تو ہمارے موروثی خاندانوں کی طرح کبھی ماند نہیں پڑی۔ بات یہ ہے کہ ملک صحیح طریقے سے چل نہیں رہا۔ باقی ممالک، علاقائی بھی، ہم سے بہت آگے نکل رہے ہیں۔ ان کے مقابلے میں یہاں غربت اور بے روزگاری کہیں زیادہ ہے اور معاشی شرح نمو بھی سماجی رفتار کی طرح بہت کمزور ہے۔ جب گورننس کی برائیاں گنوائی جاتی ہیں تو کرپشن کا پہلو گول کر دیا جاتا ہے۔ تاریخ ہو یا عصر حاضر کی حکومتیں، حکومتوں کی عملداری صرف اور صرف اس وقت دم توڑتی ہے جب کرپشن اس کی رگوں میں سرایت کر جائے۔ کوئی ملک میری نظر میں ایسا نہیں جہاں کرپشن کے بغیر گورننس کا بیڑا غرق ہوا ہو۔ زمانہ بھی عجیب انداز میں رنگ بدلتا ہے۔ آج کل حکومت کی ناکامی کا بیانیہ اس کے اپنے ہی بنا رہے ہیں۔ بات تو وہ ہماری بھلائی کی کر رہے ہیں کہ ہم آگے نہیں جا رہے، ہمارا کہنا یہ ہے کہ پھر ذمہ داروں کا تعین بھی کیا جائے اور آئین و قانون کے مطابق ان کا محاسبہ بھی ضروری ہے۔ جو بند کمروں میں فیصلے چند سال پہلے ہوئے، ان کے مطابق کرپشن نہ ماضی میں ہوئی ہے اور نہ اب ہے، اور نہ کسی کے خلاف ماضی کی داستانوں کا آئندہ کبھی ذکر ہوگا۔ سیاسی ضرورت کے تقاضے کچھ اس طرح تھے کہ دو موروثی خاندان اور ان کے ساتھ وابستہ سیاسی نمائندے دو مضبوط جماعتوں کی صورت بڑے ہاتھوں کی تقویت کیلئے ناگزیر ہو گئے۔ آپ اسے اتحاد ثلاثہ کہیں تو غلط نہ ہوگا۔ دانشمندی خصوصی اجتماعی معاملات میں یہ ہوتی ہے کہ قومی ناکامیوں کے اسباب و عوامل پر کھل کر بات کی جائے، ماہرین سے ان کا تجزیہ کرایا جائے اور ان کی روشنی میں آگے نکلنے کا لائحہ عمل تیار کیا جائے۔ ہمارے ملک کے اندر اور باہر اپنی کوتاہیوں کے تجزیوں کی کوئی کمی نہیں۔ بات چیت کے دروازے بھی کبھی مکمل طور پر بند نہیں ہوئے۔ مسئلہ ہمیشہ یہ رہا ہے کہ بجائے اصلی اسباب پر توجہ دی جائے اور ان کا حل تلاش کیا جائے، نت نئے منصوبے پیش کیے جا رہے ہیں جن کا نہ تاریخ نہ زمینی حقائق سے کوئی تعلق ہے۔ جنرل ایوب خان نے اقتدار پر قبضہ کیا تو فرمایا کہ ہمارا آئین ہی ہمارے حالات کے مطابق نہیں، آؤ میں بنا کر دکھاتا ہوں کہ ملک کیلئے موزوں آئین کیسا ہو سکتا ہے۔ اس کی تائید کرنے والوں میں بہت سے نام آتے ہیں جو بعد میں معتبر بننے کی کوشش کرتے رہے۔ خیر، جنرل یحییٰ خان نے ہمیں اپنی قیادت کے کرشموں سے سرفراز کیا اور کہا کہ آئین کو ردی کی ٹوکری میں ڈالتا ہوں اور ون یونٹ کو بھی۔ یہ سب غلط تھا۔ جو بعد میں ہوا، اس کے نتائج اور اثرات آج بھی ہماری قومی نفسیات پر حاوی ہیں۔ بات ملک کے اندر منظم کرپشن کے دھندوں، آئین اور قانون کے بگاڑ اور مقامی حکومتوں کی تشکیل اور ان کو اختیارات تفویض کرنے کی ہے۔ یہ بھی کوئی معمہ نہیں کہ مقامی اور شہری حکومتوں کے خلاف کون سے سیاسی خاندان ہیں۔ اگر کبھی بنائی بھی ہیں تو اس انداز میں کہ وہ ان کے سیاسی پرزوں کے طور پر کام میں لائی جائیں۔

اجازت دیجیے کہ میں ذرا آج کھل کر بات کرنے کی جسارت کر رہا ہوں۔ بابائے سیاست صدر محترم آصف علی زرداری نے مؤقف اختیار کیا ہے کہ وہ سندھ کو تقسیم نہیں ہونے دیں گے۔ پنجابی مورخ اور دانشور صحیح کہتے ہیں کہ ہندوستان نہیں پنجاب تقسیم ہوا تھا۔ دوسرا صوبہ بنگال تھا جس پر تقسیم کی چھری پھیری گئی۔ بھارت میں بیچارہ پنجاب پھر تین حصوں میں کاٹا گیا۔ ایک وہ بھی پنجاب تھا جس میں کشمیر، بھارت کے تین صوبے اور آج کا خیبر پختونخوا بھی اس میں شامل تھے۔ دیگر وفاقی ریاستوں کی تاریخ اور ساخت پر بھی نظر ڈالی جائے تو حضور، ایک طرف کیلیفورنیا ہے اور دوسری چین اور رہوڈز آئی لینڈ۔ اصل مسئلہ نظام ریاست اور حکومت کا ہے کہ آپ اختیارات کو اوپر نیچے اور متوازی طور پر مختلف اکائیوں میں کس طرح تقسیم کرتے ہیں اور وسائل، ملک اور ذمہ داریوں کو بھی۔ چھوڑیں یہ بند کمروں کی سیاست، کھل کر بات کریں۔ حل صرف اور صرف ایک ایسی آئینی ترمیم ہے جس میں مقامی حکومتیں خودمختار ہوں، ان کا وسائل میں حصہ آئینی طور پر ہو۔ وہ صوبوں کی محتاج نہ ہوں۔ نئی قیادت ابھرے گی۔ آخری بات، کرپشن کا خاتمہ صرف بلا امتیاز احتساب میں ہے، مگر یہ بلی کے گلے میں گھنٹی والی بات ہے۔

SPORTS سپورٹس

پاکستان آئی سی سی گلوبل ایونٹس کی میزبانی سے باہر نہیں ہوا، رپورٹ

3 گلوبل ایونٹس ایسے ہیں جن کے لیے پاکستان اظہارِ دلچسپی کے عمل میں حصہ لے سکتا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان آئی سی سی گلوبل ایونٹس کی میزبانی سے باہر نہیں ہوا، پاکستان 2035ء تک آئی سی سی کے 3 گلوبل ایونٹس میں سے 1 کی میزبانی حاصل کر سکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق 3 گلوبل ایونٹس ایسے ہیں جن کے لیے پاکستان اظہارِ دلچسپی کے عمل میں حصہ لے سکتا ہے، 2035ء تک جن گلوبل ایونٹس کے وینیوز کا اعلان نہیں ہوا ان کے لیے اظہارِ دلچسپی کا عمل شروع ہونا ہے، میزبانی کے خواہش مند ممالک مشترکہ طور پر بھی اظہارِ دلچسپی کے عمل میں حصہ لے سکتے ہیں۔ آئی سی سی مینز کرکٹ 2035ء، ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 2032ء اور چیمپئنز ٹرافی 2033ء میں اظہارِ دلچسپی کیا جا سکتا ہے، یہ تینوں گلوبل ایونٹس اکتوبر نومبر کے مہینوں میں ہونے ہیں، تاریخوں کا اعلان کیا جا چکا ہے، ان تینوں ایونٹس کے وینیوز کا فیصلہ اظہارِ دلچسپی کے عمل کے بعد ہوگا۔ ذرائع نے کہا کہ پاکستان کسی دوسرے ملک کے ساتھ مل کر بھی اظہارِ دلچسپی کے عمل میں شریک ہو سکتا ہے، پاکستان 2033ء کی چیمپئنز ٹرافی کی میزبانی کے حصول کے لیے کوشش کر سکتا ہے۔

آئی سی سی کا ورلڈ کپ کوالیفائرز کے فارمیٹ میں تبدیلیوں کا اعلان

نیا کوالیفائر فروری اور مارچ 2027 میں 10 ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے 2027 ون ڈے ورلڈ کپ کوالیفائر کے فارمیٹ میں بڑی تبدیلی کرتے ہوئے سپر سکس مرحلہ ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق آئی سی سی ورلڈ کپ کا نیا کوالیفائر فروری اور مارچ 2027 میں 10 ٹیموں کے درمیان کھیلا جائے گا۔ گزشتہ تین ایڈیشنز میں ٹیموں کو دو گروپس میں تقسیم کیا جاتا تھا جس کے بعد سپر سکس مرحلہ ہوتا تھا اور مجموعی طور پر 34 میچز کھیلے جاتے تھے تاہم نئے فارمیٹ کے تحت 23 میچز ہوں گے۔ دونوں گروپس کی ٹاپ دو ٹیمیں سیمی فائنل میں پہنچیں گی جس کے بعد فائنل کھیلا جائے گا، فاتح ٹیم براہ راست 2027 ورلڈ کپ میں جگہ بنائے گی جبکہ دوسری، تیسری اور چوتھی پوزیشن حاصل کرنے والی ٹیمیں ورلڈ کپ کے سپر سیریز مرحلے میں حصہ لیں گی۔ ویسٹ انڈیز، آئرلینڈ، امریکا، نیدرلینڈز، اسکاٹ لینڈ اور عمان کوالیفائر میں جگہ بنا چکے ہیں جبکہ باقی چار ٹیموں کا فیصلہ نیپال میں ہونے والے پلے آف سے ہوگا۔ دوسری جانب آئی سی سی نے 2028 مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کوالیفائر کا فارمیٹ بھی جاری کیا ہے، جس میں 16 ٹیمیں چار گروپس میں کھیلیں گی اور آٹھ ٹیمیں ورلڈ کپ کے لیے کوالیفائی کریں گی، خواتین کے 2028 ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے لیے بھی کوالیفکیشن پلان کا اعلان کیا گیا ہے، ایونٹ کی باقی دو نشستوں کا فیصلہ 10 ٹیموں پر مشتمل گلوبل کوالیفائر سے ہوگا جس کی ٹاپ دو ٹیمیں میگا ایونٹ میں جگہ بنائیں گی۔

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
عوام کی بے ساختہ للکار
اندراج تاریخ پیدائش
اندراج تاریخ وفات
اطلاع گمشدگی
تبدیلی نام
درستگی نام
اعلان لاتعلقی
عاق نامہ
اطلاع گمشدگی
تحصیلدار اور اتی اشتہار، تعلیمی بورڈ کے تمام اشتہارات اور خبروں کیلئے ادارہ کے واٹس ایپ نمبر پر دن 2:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک رابطہ کر سکتے ہیں۔
Whatsapp: 0312-7786354
www.awamilalkaar.com



لاہور: پریمئر سپر لیگ ایڈیشن 10 کے راؤنڈ میچ میں نوامیڈ اور سروس انڈسٹریز کی ٹیمیں مدمقابل ہیں۔ (فوٹو: این این آئی)

جے شاہ بلا مقابلہ دوسری مدت کے لیے آئی سی سی چیئرمین منتخب


آئی سی سی نے طویل المدتی مقابلوں کے پروگرام کو وسعت دی ہے

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے جے شاہ کو بلا مقابلہ دوسری مدت کے لیے چیئرمین منتخب کر لیا ہے اس فیصلے کی منظوری انڈونیشیا کے شہر بالی میں ہونے والے آئی سی سی بورڈ اجلاس کے دوران دی گئی جہاں بورڈ کے ڈائریکٹرز نے ان کے نام کی تجویز پیش کی۔ جے شاہ کی دوبارہ تقرری کو عالمی کرکٹ میں ان کی قیادت پر اعتماد اور ادارے کی پالیسیوں میں تسلسل کی علامت قرار دیا جا رہا ہے۔ ان کی دوسری مدت ایسے وقت میں شروع ہوگی جب آئی سی سی کرکٹ کو دنیا بھر میں مزید مقبول بنانے، نئے شائقین کو کھیل سے جوڑنے اور تجارتی سرگرمیوں کو وسعت دینے پر توجہ دے رہی ہے۔ کرکٹ 2028 میں لاس اینجلس اولمپکس کے ذریعے دوبارہ اولمپک کھیلوں کا حصہ بننے جا رہی ہے۔

گوتم گمبھیر کے بعد روی شاستری بھی بھارتی بیٹنگ سے پریشان ہو گئے

نیوزی لینڈ کیخلاف چوتھے ون ڈے میں بھارتی ٹیم صرف 89 رنز پر ڈھیر ہو گئی

آکلینڈ، نئی دہلی (این این آئی) سابق بھارتی کوچ روی شاستری نے نیوزی لینڈ کے خلاف ون ڈے سیریز میں بھارتی بیٹنگ کی ناقص کارکردگی پر موجودہ کوچ گوتم گمبھیر کے خدشات کو درست قرار دیدیا۔ نیوزی لینڈ کے خلاف چوتھے ون ڈے میں بھارتی ٹیم صرف 89 رنز پر ڈھیر ہو گئی تھی تاہم پانچویں میچ میں 209 رنز بنائے اور 22 رنز سے کامیابی حاصل کر کے سیریز 1-3 سے اپنے نام کر لی۔ چوتھے ون ڈے میں بھارتی بیٹنگ لائن سوئنگ اور سیم بولنگ کے سامنے بری طرح ناکام ہوئی تھی، اس شکست کے بعد گوتم گمبھیر نے کہا تھا کہ ٹیم کی بیٹنگ کارکردگی تشویش کا باعث ہے کیونکہ نیوزی لینڈ کی کنڈیشنز جنوبی افریقا میں ہونے والے ورلڈ کپ 2027ء سے کافی مشابہت رکھتی ہیں۔ گمبھیر کا کہنا تھا کہ اصل پریشانی کم اسکور نہیں بلکہ صرف 26 سے 27 اوورز میں پوری ٹیم کا آؤٹ ہو جانا ہے، عالمی سطح کی کرکٹ میں کوئی گیند ناقابلِ کھیل نہیں ہوتی۔



لاہور: پریمئر سپر لیگ ایڈیشن 10 کے راؤنڈ میچ میں اے بی آئی فنس اور کنگز کی ٹیمیں مدمقابل ہیں۔ (فوٹو: این این آئی)

انگلینڈ نے اسپین کا ناقابلِ شکست رہنے کا سلسلہ توڑ دیا

میڈرڈ (این این آئی) انگلینڈ نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے دفاعی عالمی چیمپئن اسپین کو اس کے ہوم گراؤنڈ پر 2-3 سے شکست دے کر یوئیفا نیشنز لیگ کے کوارٹر فائنل میں جگہ بنالی۔ میڈرڈ میں کھیلے گئے مقابلے میں انگلینڈ کی جانب سے کپتان ہیری کین نے پہلے ہاف کے اختتام سے قبل پنالٹی پر گول کیا جبکہ دوسرے ہاف میں ایزری کونسا اور بین وائٹ نے گیند کو جال میں پہنچایا۔ اس کامیابی کے ساتھ انگلینڈ نے اسپین کا 43 میچز پر مشتمل ناقابلِ شکست رہنے کا سلسلہ ختم کر دیا۔ اسپین کی جانب سے میکل اویارزابال نے پنالٹی پر پہلا گول کیا جبکہ نیکو ولیمز نے دوسرا گول اسکور کیا تاہم ٹیم شکست سے نہ بچ سکی۔ دونوں ٹیموں نے گروپ اے 3 میں 15، 15 پوائنٹس حاصل کیے تاہم بہتر گول فرق کی بنیاد پر انگلینڈ نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔

SHOWBIZ شوبز

تھیٹر کی بحالی کے لیے اصلاحی ڈراموں کو فروغ دینا ہوگا، روبی انعم

فحاشی کے تاثر سے نکال کر خاندانی تفریح کا مرکز بنانا وقت کی ضرورت ہے



لاہور (این این آئی) تھیٹر کی سینئر اداکارہ روبی انعم نے کہا ہے کہ پاکستانی تھیٹر کی حقیقی پہچان اس کی معیاری کہانی، جاندار مکالموں اور مثبت تفریح میں ہے، تھیٹر کی بہتری کے لیے اصلاحی اقدامات اور سنجیدہ کوششوں کی ضرورت ہے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ اسٹیج ڈراموں میں غیر معیاری جملوں اور غیر ضروری جگت بازی کی بجائے معاشرتی مسائل کو دلچسپ اور بامقصد انداز میں پیش کیا جانا چاہیے۔ تھیٹر ایسا تفریحی پلیٹ فارم ہونا چاہیے جہاں خاندان کے تمام افراد اطمینان کے ساتھ ڈرامہ دیکھ سکیں۔ روبی انعم نے کہا کہ فنکاروں، پروڈیوسرز اور ڈرامہ نگاروں کو اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے معیار پر سمجھوتہ نہیں کرنا چاہیے۔ نئے ٹیلنٹ کو مناسب مواقع فراہم کرنے کے ساتھ سینئر فنکاروں کے تجربات سے بھی فائدہ اٹھانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ معیاری تھیٹر نہ صرف فنکاروں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرتا ہے بلکہ معاشرے کی مثبت تربیت میں بھی اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔

1985 میں ہمیں سینما کی مشکلات سمجھ آ گئی تھیں


وی سی آر کے بھارتی فلموں کی گھر گھر رسائی پاکستانی سینما کیلئے بڑا چیلنج بنی، ندیم ماندی والا

لاہور (این این آئی) نامور فلم پروڈیوسر ندیم اچھ ماندی والا نے کہا ہے کہ پاکستان میں سینما انڈسٹری کے بحران کی بڑی وجہ وی سی آر کی آمد اور اس کے ذریعے بھارتی فلموں کی گھروں تک رسائی بنی جس کا بروقت تدارک نہ کیا جا سکا، دنیا بھر میں سینما ایک خصوصی تفریحی شعبے کے طور پر کامیابی سے چل رہا تھا لیکن پاکستان میں حالات مختلف تھے، بھارت میں بہت پہلے وی سی آر کے بگاڑ کو سمجھ لیا گیا تھا اور اسے ریگولیٹ کیا گیا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ہمیں یہ کہا گیا کہ آپ کے لئے بھارتی فلموں کی سینماؤں میں نمائش پر پابندی ہے اور دوسری طرف وی سی آر کے ذریعے بھارتی فلمیں گھر گھر دیکھی جا رہی تھیں، جب لوگوں کو بہتر پروڈکشن انتہائی سستے میں گھر میں دیکھنے کو مل رہی ہے وہ کیوں سینما آئیں گے، اس رجحان نے پاکستانی فلم انڈسٹری کے لیے ایک بڑا چیلنج پیدا کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ فلم کا اصل کشش اور تفریح اس کی کہانی اور مواد میں ہوتی ہے صرف سینما گھر کی عمارت میں نہیں۔ پاکستانی فلم انڈسٹری کو بدلتے حالات کے مطابق بروقت جدت اور نئے طریقہ کار اختیار کرنے کی ضرورت تھی لیکن ایسا نہ ہونے کے باعث بحران شدت اختیار کرتا گیا۔ ایک پوری نسل ایسی ہے جس نے سینما دیکھا ہی نہیں کیونکہ جب وہ پیدا ہوئی تو وی سی آر کا دور شروع ہو چکا تھا اس لیے اسے سینما کی حقیقی اہمیت اور تجربے کا اندازہ ہی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ 1985 میں ہمیں سینما کی مشکلات سمجھ آ گئی تھیں لیکن اسے سمجھانے میں 22 سال لگ گئے۔

مجھے گھر میں کچھ کرنے کی اجازت نہیں، شاہ رخ کا انکشاف

منت دراصل میری اہلیہ گوری خان کا ہے اور گھر کے معاملات میں میری اپنی کوئی مرضی نہیں چلتی

دبئی (این این آئی) بولی ووڈ کے کنگ شاہ رخ خان نے اپنے عالیشان بنگلے منت اور گھریلو زندگی سے متعلق ایک دلچسپ اور حیران کن انکشاف کر کے مداحوں کے چہروں پر مسکراہٹ بکھیر دی ہے۔ شاہ رخ خان نے حال ہی میں دبئی میں منعقدہ ایک تقریب میں شرکت کی، جہاں معروف فلم ساز اور میزبان کرن جوہر نے ان سے دلچسپ سوال کیا کہ انہیں اپنے گھر میں کون سے کام کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ اس سوال کے جواب میں بولی ووڈ سپر اسٹار نے حسب معمول اپنے مخصوص مزاحیہ انداز میں کہا کہ انہیں اپنے ہی گھر میں کچھ بھی کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ شاہ رخ خان نے واضح الفاظ میں اعتراف کیا کہ منت دراصل ان کی اہلیہ اور معروف انٹیریئر ڈیزائنر گوری خان کا ہے اور گھر کے معاملات میں ان کی اپنی کوئی مرضی نہیں



چلتی۔ اداکار کا کہنا تھا کہ وہ گھر کا وائی فائی ہو، بستر پر کھانا کھانا ہو یا دیواروں کے رنگوں، پینٹنگز، سیڑھیوں، لائٹس اور فرنیچر جیسی چیزوں کے بارے میں کچھ بھی نہیں کہہ سکتے۔

بیٹے کی ماں بنی تو اس کی پرورش بیٹیوں جیسی نہیں کروں گی، سارہ خان

مجھے بچے بہت پسند ہیں اور میرے خیال میں بہن بھائیوں کی تعداد زیادہ ہونی چاہیے، اداکارہ

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ سارہ خان نے مستقبل میں بیٹے کی والدہ بننے کی صورت میں اس کی پرورش کے حوالے سے دلچسپ انکشاف کیا ہے، جبکہ انہوں نے بڑے خاندان کی خواہش کا بھی اظہار کیا ہے۔ حال ہی میں اداکارہ نے ایک پروگرام میں شرکت کی، جہاں انہوں نے بچوں کی پرورش اور خاندانی زندگی سے متعلق گفتگو کی۔ سارہ خان کا کہنا ہے کہ ان شاءاللہ اگر میں بیٹے کی ماں بنی تو اس کی پرورش اپنی بیٹیوں جیسی نہیں کروں گی۔ انہوں نے کہا ہے کہ میں اپنی دونوں بیٹیوں کو بہت زیادہ لاڈ پیار سے رکھتی ہوں، تاہم بیٹے سے اس طرح لاڈ پیار نہیں کروں گی بلکہ اس کی پرورش مختلف انداز میں کروں گی۔ اداکارہ نے کہا ہے کہ مجھے بچے بہت پسند ہیں اور میرے خیال میں بہن بھائیوں کی تعداد زیادہ ہونی چاہیے، شوہر گلوکار فلک شبیر کو بھی بچوں کا بہت شوق ہے، تاہم انہیں میری صحت کی فکر رہتی ہے۔ سارہ خان کا کہنا ہے



کہ مجھے پہلے اندازہ نہیں تھا کہ میں بچوں کی دیکھ بھال کرنے والی اتنی ذمے دار ماں ثابت ہوں گی، تاہم مجھے ہمیشہ سے بچوں کا شوق رہا ہے اور وقت کے ساتھ ساتھ تجربے کی بنیاد پر میں ایک بہترین ماں بن رہی ہوں۔

2018 سے گلوکاری چھوڑ چکی ہوں، شازیہ خشک

موسیقی چھوڑنے کا فیصلہ انہوں نے بے چینی اور ذہنی اضطراب کے باعث کیا



لاہور (این این آئی) گلوکاری کو خیرباد کہنے والی شازیہ خشک نے انکشاف کیا ہے کہ 2018 میں شوبز کو خیرباد کہہ چکی ہوں اور اب تجارت سے منسلک ہو گئی ہوں۔ ایک انٹرویو میں شازیہ خشک نے بتایا کہ موسیقی چھوڑنے کا فیصلہ انہوں نے بے چینی اور ذہنی اضطراب کے باعث کیا۔ 2016 میں جنید جمشید سے ملاقات کے دوران انہوں نے گلوکاری چھوڑنے کی خواہش کا اظہار کیا تو جنید جمشید نے ابھی آپ کا وقت نہیں آیا، یہ میری جنید جمشید سے آخری ملاقات تھی، بعد ازاں ان کی شہادت کے شدید صدمے سے دوچار کیا اور موسیقی ترک کرنے کے فیصلے کو تقویت ملی۔ انہوں نے بتایا کہ اس کے بعد انہوں نے آہستہ آہستہ ہمت جمع کی اور پردہ اختیار کر لیا۔ شازیہ خشک نے کہا کہ میں گزشتہ آٹھ سال سے ٹی وی نہیں دیکھ رہی اور اب اپنی توجہ اللہ کے احکامات پر عمل کرنے اور تجارت پر مرکوز کیے ہوئے ہوں۔ انہوں نے کہا کہ حضرت خدیجۃ الکبریٰ بھی تجارت کرتی تھیں، قرآن پاک کو سمجھ کر پڑھنا چاہیے۔

زندگی کو بھرپور انداز میں جینا چاہیے، ہر وقت اداس رہنا پسند نہیں، ریشم

دوسروں کی چھوٹی چھوٹی باتوں پر توجہ دیں گے تو زندگی نہیں گزار سکیں گے



لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ ریشم نے کہا ہے کہ مجھے ہر وقت اداس رہنے والے لوگ پسند نہیں ہیں، انسان کو زندگی بھرپور انداز میں جینی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ زندگی میں خوش رہنے اور مثبت سوچ اپنانے کی کوشش کرنی چاہیے، ہر بات کو دل پر لینے سے انسان خود کو پریشانی میں مبتلا کر لیتا ہے۔ ریشم نے کہا کہ اگر آپ دوسروں کی چھوٹی چھوٹی باتوں کا نوٹس لینا شروع کر دیں گے تو آپ کبھی اپنی زندگی نہیں گزار سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہر انسان کی اپنی زندگی اور اپنے مسائل ہیں، اس لیے دوسروں کی باتوں کے بجائے اپنی خوشیوں پر توجہ دینی چاہیے۔ ریشم نے کہا کہ ہمیں ماضی کی تلخیوں کو بھلا کر حال کو بہتر بنانے کی کوشش کرنی چاہیے۔

بقیہ 1

الفلاح، بینک آف پنجاب (BOP)، حبیب مائیکروفنانس بینک، ایزی پیسہ اور جاز کیش کے مجاز ریٹیلرز کے ذریعے خواتین اب پاکستان کے کسی بھی شہر میں، ہفتے کے ساتوں دن اور کسی بھی وقت اپنی سہولت کے مطابق رقم نکلوا سکتی ہیں۔ بی آئی ایس پی نے ایک کروڑ سے زائد خواتین کے ڈیجیٹل والٹس قائم کرنے کا اہم سنگ میل بھی حاصل کر لیا ہے، جو ڈیجیٹل مالی نظام میں شمولیت کی جانب ایک بڑی پیش رفت ہے۔ چیئرپرسن نے خواتین کو ہدایت کی کہ ڈیجیٹل والٹ میں رقم منتقل ہونے اور رقم نکلوانے پر بینک کی جانب سے الگ الگ پیغامات موصول ہوں گے، جنہیں بطور ثبوت محفوظ رکھیں اور ڈیلیٹ نہ کریں۔ رقم موصول ہونے کے بعد فوری نکلوانے کی ضرورت نہیں، خواتین اپنی سہولت کے مطابق کسی بھی وقت رقم حاصل کر سکتی ہیں۔ اپنا موبائل فون یا بینظیر SIM کسی ریٹیلر یا غیر متعلقہ شخص کے حوالے نہ کریں۔ سینیٹر روبینہ خالد نے مزید بتایا کہ بی آئی ایس پی کی نئی پالیسی کے تحت 45 سال یا اس سے زائد عمر کی غیر شادی شدہ مستحق خواتین کو بھی مقررہ اہلیتی معیار کے مطابق بینظیر کفالت پروگرام میں شامل کیا جائے گا۔ بعد ازاں انہوں نے ڈائنامک رجسٹریشن سینٹر میں سروے کے عمل کا جائزہ لیا اور عملے کو ہدایت کی کہ خواتین کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آئیں، انہیں درست معلومات فراہم کریں اور ان کے مسائل بلا تاخیر حل کریں۔ خواتین سے گفتگو کرتے ہوئے سینیٹر روبینہ خالد نے واضح کیا کہ بی آئی ایس پی کی تمام خدمات مفت ہیں۔ سروے، رجسٹریشن یا مالی معاونت کے نام پر کسی کو رقم نہ دیں اور نہ ہی ادائیگی میں کسی قسم کی کٹوتی برداشت کریں۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی شخص خواتین کی مالی معاونت غیر قانونی طور پر نہیں روک سکتا۔ ایسی شکایات کی صورت میں فوری طور پر بی آئی ایس پی کی ٹول فری ہیلپ لائن 0800-26477 پر رابطہ کریں۔ میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے چیئرپرسن بی آئی ایس پی نے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کو بین الاقوامی سطح پر ایک شفاف اور مؤثر سماجی تحفظ کے پروگرام کے طور پر تسلیم کیا جاتا ہے۔ جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ادائیگی کے نظام کو مزید شفاف بنایا جا رہا ہے تاکہ خواتین بینیفشریز کو ان کی پوری رقم عزت و احترام کے ساتھ فراہم کی جا سکے۔ اس موقع پر ڈی جی پنجاب نصیر الدین سرور اور ڈائریکٹر سینٹرل زون وقار النسا بھی ان کے ہمراہ تھیں۔

بقیہ 2

پاک فضائیہ کے سربراہ نے اس امر پر زور دیا کہ مشترکہ تاریخ، یکساں اقدار اور باہمی اعتماد پر استوار پاکستان اور ترکیہ کی دوستی ایک مضبوط تزویراتی شراکت داری کی صورت اختیار کر چکی ہے، جس میں دفاع اور ایرواسپیس کے شعبوں میں مزید وسعت کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے معزز مہمان کو پاک فضائیہ کی جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ ایک مضبوط اور کثیرالجہتی فضائی قوت میں ڈھالنے کے لیے جاری اصلاحاتی و جدید کاری اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاک فضائیہ کی یہ تبدیلی جدید دفاعی صلاحیتوں کے حصول، مقامی سطح پر تحقیق و جدت کے فروغ اور مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ آپریشنل حکمتِ عملی کی تشکیل پر مرکوز ہے۔ اس موقع پر ایئر چیف نے ترک فضائیہ کو پائلٹس کی تربیت، پیشہ ورانہ مہارتوں کے فروغ اور استعدادِ کار میں اضافے کے لیے پاک فضائیہ کی جانب سے بھرپور تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی۔ دونوں فضائی سربراہان نے بغیر پائلٹ اور خودکار نظاموں، الیکٹرانک وارفیئر، جدید ایرواسپیس ٹیکنالوجیز اور مقامی سطح پر تحقیق، ترقی اور پیداوار کے شعبوں میں دوطرفہ دفاعی تعاون کو وسعت دینے کے نئے امکانات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے دونوں فضائی افواج کے مابین پیشہ ورانہ روابط کو ادارہ جاتی سطح پر فروغ دینے، مشترکہ تربیتی پروگرامز اور فوجی مشقوں کے انعقاد کی اہمیت پر بھی زور دیا تاکہ باہمی آپریشنل ہم آہنگی کو فروغ دینے، مشترکہ صلاحیتوں کو مؤثر بنانے اور دفاعی تعاون کو مزید مستحکم کرنے میں مدد مل سکے۔ ترک فضائیہ کے سربراہ نے پاک فضائیہ کے اعلیٰ پیشہ ورانہ معیار، غیر معمولی آپریشنل صلاحیتوں اور قابلِ قدر حربی تجربے کا اعتراف کرتے ہوئے اسکی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا۔ انہوں نے ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی قیادت میں پاک فضائیہ کی تیز رفتار جدید کاری، مقامی ایرو اسپیس صلاحیتوں میں نمایاں پیش رفت اور ٹیکنالوجی کے میدان میں خود انحصاری کے حصول کے لیے جاری اقدامات کو بھی قابلِ تحسین قرار دیا۔ ترک فضائیہ کے سربراہ نے دوطرفہ دفاعی تعاون کو مزید بلندیوں تک پہنچانے کے لیے پاک فضائیہ کے وسیع حربی تجربے اور گراں قدر آپریشنل مہارت سے استفادہ کرنے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ یہ دورہ پاکستان اور ترکیہ کے مابین گہرے تزویراتی تعلقات اور دفاعی شعبے میں ایک مضبوط، مربوط اور جدید ٹیکنالوجی پر مبنی شراکت داری کو فروغ دینے کے مشترکہ عزم کا عکاس ہے۔ مشترکہ تزویراتی مفادات اور باہمی اعتماد کی بنیاد پر استوار دونوں فضائی افواج کا یہ بڑھتا ہوا تعاون دفاعی شعبے میں جدت و ترقی، مقامی دفاعی صلاحیتوں کے استحکام اور خطے میں امن و سلامتی کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 3

عملہ روزانہ تین مرتبہ ان کے بنیادی طبی اشارے (وائٹل سائنز) چیک کرتا ہے، جبکہ خصوصی میڈیکل بورڈز نے مختلف اوقات میں ان کا تفصیلی طبی معائنہ بھی کیا ہے۔ عظمیٰ بخاری نے بتایا کہ اگست 2024 میں سر درد اور بے چینی کی شکایت پر ماہر امراض قلب نے ان کا معائنہ کیا اور ادویات تجویز کیں۔ فروری 2026 میں پانچ رکنی میڈیکل ٹیم نے اڈیالہ جیل میں ان کی آنکھوں اور بلڈ پریشر کا تفصیلی معائنہ کیا، جبکہ 10 اگست 2026 کو چار رکنی میڈیکل بورڈ نے ان کا معائنہ کر کے بلڈ پریشر کی دوا تبدیل کی۔ انہوں نے بتایا کہ 20 اور 21 اگست 2026 کی درمیانی شب انہیں پمز منتقل کیا گیا، جہاں آنکھوں کے ماہرین اور میڈیکل بورڈ نے تفصیلی فٹنس رپورٹ مرتب کی۔ ستمبر 2026 میں پمز اور شفا آئی ہسپتال کے ڈاکٹروں پر مشتمل خصوصی ٹیم نے جیل میں ان کے بلڈ پریشر، کولیسٹرول اور بینائی کا معائنہ کیا۔ وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب نے مزید بتایا کہ 10 اور 11 نومبر 2026 کی درمیانی شب انہیں فالو اپ علاج کے لیے پمز ہسپتال لایا گیا، جہاں آنکھوں کے ماہرین نے انہیں اینٹی وی ای جی ایف (Anti-VEGF) انجیکشن لگایا۔ عظمیٰ بخاری کے مطابق مختلف میڈیکل بورڈز اور ٹیموں میں ملک کے معروف ڈاکٹرز شامل رہے۔ ڈاکٹر عارف خان، ڈاکٹر فرقاد عالمگیر، ڈاکٹر ندیم قریشی اور ڈاکٹر اختر علی بندیشہ نے ان کا طبی معائنہ کیا، جبکہ الشفاء اور پمز کے متعدد طبی ماہرین بھی وقتاً فوقتاً ان کا معائنہ کرتے رہے ہیں۔ ان کے ذاتی معالجین ڈاکٹر عاصم یوسف اور فیصل سلطان بھی علاج اور طبی رپورٹس کے جائزے کے عمل سے وابستہ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جیل میں بانی پی ٹی آئی کو جو طبی سہولیات میسر ہیں، وہ پورے پاکستان میں کسی قیدی کو میسر نہیں۔ بشریٰ بی بی کا ان کے سیل میں چوہے، کاکروچ اور سات چھوٹے سانپ نکلنے کا دعویٰ بھی بے بنیاد ہے۔ بشریٰ بی بی نے اپنی ایک عدالتی درخواست میں جو من گھڑت باتیں کیں، جیل حکام نے ان کی فوری تردید کی۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ بشریٰ بی بی دیہات کی رہنے والی ہیں، انہیں معلوم ہوگا کہ مون سون کے موسم میں اکثر کینچوے نکل آتے ہیں۔ اگر بشریٰ بی بی کو گنڈوئے ہی سانپ لگتے ہیں تو اس میں ہمارا کوئی قصور نہیں۔

بقیہ 4

بنایا جا سکے۔ اسی طرح تندوروں پر روٹی کی مقررہ قیمت اور وزن پر عملدرآمد کی باقاعدہ نگرانی کی جائے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہر اور ضلع بھر میں تجاوزات کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں اور عوامی گزرگاہوں، سڑکوں اور بازاروں کو تجاوزات سے پاک رکھنے کے لیے فیلڈ میں باقاعدہ نگرانی کی جائے۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ پنجاب کے متوقع دورہ راولپنڈی کے حوالے سے بھی انتظامات کا جائزہ لیا گیا۔ اس سلسلے میں متعلقہ محکموں کو ہدایت کی گئی کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی جانب سے جاری کردہ ہدایات اور حکومتی ترجیحات کے مطابق شہر میں صفائی ستھرائی، تجاوزات کے خاتمے، روٹی و آٹے کی قیمتوں پر عملدرآمد اور دیگر شہری سہولیات کی بہتری کے لیے تمام ضروری انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ نے واضح کیا کہ عوام کو ریلیف کی فراہمی، سرکاری امور میں شفافیت اور حکومتی اقدامات پر مؤثر عملدرآمد ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات ہیں، اس ضمن میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 5

26 ماہ سے زکوٰۃ امداد کی معطلی اور غیر معمولی مالی بحران سے متعلق لگائے گئے الزامات حقائق کے منافی ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ مالی سال 2024-25 اور 2025-26 کے دوران راولپنڈی ڈویژن کے جملہ اضلاع یعنی راولپنڈی، مری، اٹک، چکوال، جہلم اور تلہ گنگ میں زکوٰۃ کی مختلف مدات کے تحت فنڈز جاری اور مستحقین میں تقسیم کیے گئے۔ محکمہ کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب رحمت کارڈ اسکیم کے تحت مستحق بیواؤں کو فی کس ایک لاکھ روپے مالی امداد فراہم کی گئی۔ اس اسکیم کے تحت راولپنڈی ڈویژن میں 1,592 افراد کو مجموعی طور پر 15 کروڑ 92 لاکھ روپے ادا کیے گئے۔ اسی طرح زکوٰۃ راشن کارڈ اسکیم کے تحت مالی سال 2024-25 اور 2025-26 کے دوران مستحق بیواؤں، طلاق یافتہ خواتین اور معذور افراد سمیت 24 ہزار 52 مستحقین میں مجموعی طور پر 44 کروڑ 80 لاکھ 56 ہزار روپے تقسیم کیے گئے۔ محکمہ کے مطابق مستحق مریضوں کے مفت علاج اور ادویات کی فراہمی کا سلسلہ مالی سال 2024-25 کے دوران صوبائی سطح کے ہسپتالوں، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز اور تحصیل ہیڈ کوارٹرز ہسپتالوں میں جاری رہا۔ اس مد میں راولپنڈی ڈویژن کے 5,619 مریضوں کو 3 کروڑ 79 لاکھ 40 ہزار روپے کی سہولت فراہم کی گئی۔ تاہم مالی سال 2025-26 میں یہ سہولت اس لیے ختم کی گئی کیونکہ حکومت پنجاب اس مقصد کے لیے الگ سے مناسب فنڈز فراہم کر رہی ہے۔ اسی طرح جذام کے مریضوں کے لیے زکوٰۃ راشن کارڈ کے تحت ضلع راولپنڈی کے احاطہ کوہڑیاں میں 46 مریضوں کو مجموعی طور پر 15 لاکھ 30 ہزار روپے کی مالی امداد فراہم کی گئی۔ نابینا افراد کے گزارہ الاؤنس کے تحت مالی سال 2024-25 میں راولپنڈی ڈویژن کے 539 مستحق افراد میں ایک کروڑ 29 لاکھ 36 ہزار روپے تقسیم کیے گئے۔ تاہم مالی سال 2025-26 میں محکمہ سوشل ویلفیئر و بیت المال کی جانب سے وزیراعلیٰ پنجاب ہمت کارڈ اسکیم شروع کیے جانے کے بعد دوہری امداد سے بچنے کے لیے پنجاب زکوٰۃ و عشر کونسل نے یہ اسکیم بند کر دی۔ وضاحت میں کہا گیا ہے کہ ہمت کارڈ کے لیے اہل نہ ہونے والے افراد کو زکوٰۃ راشن کارڈ اسکیم میں شامل کیا گیا۔ شادی گرانٹ کی مد میں بھی راولپنڈی ڈویژن کے 197 مستحق افراد کو فی کس 50 ہزار روپے کے حساب سے مجموعی طور پر 98 لاکھ 50 ہزار روپے فراہم کیے گئے۔ اس موقع پر بتایا گیا کہ پنجاب زکوٰۃ و عشر کونسل نے شادی گرانٹ کی رقم 25 ہزار روپے سے بڑھا کر 50 ہزار روپے فی مستحق کر دی ہے۔ تعلیمی وظائف (جنرل) کے تحت مالی سال 2024-25 اور 2025-26 کے دوران 2,328 مستحق طلبہ کو 2 کروڑ 72 لاکھ 95 ہزار روپے کی مالی امداد جاری کی گئی۔ مزید بتایا گیا کہ تالیفِ قلوب اسکیم صرف ڈویژنل ہیڈکوارٹرز کے اضلاع کے لیے مختص ہے، جس کے تحت نومسلم افراد کو فی کس ڈیڑھ لاکھ روپے مالی امداد فراہم کی جاتی ہے۔ مذکورہ عرصے کے دوران دو مستحق افراد کو مجموعی طور پر 3 لاکھ روپے فراہم کیے گئے۔ محکمہ زکوٰۃ و عشر کے مطابق مذکورہ تمام اسکیموں کے تحت راولپنڈی ڈویژن میں مجموعی طور پر تقریباً 69 کروڑ 71 لاکھ 7 ہزار روپے 34 ہزار 375 مستحق افراد میں تقسیم کیے گئے۔ محکمہ نے واضح کیا ہے کہ گزشتہ 26 ماہ سے زکوٰۃ امداد کی مکمل معطلی کا دعویٰ درست نہیں اور جاری کردہ اعداد و شمار اس کی واضح تردید کرتے ہیں۔ وضاحتی بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ محکمہ زکوٰۃ و عشر حکومتی پالیسی، منظور شدہ اسکیموں اور دستیاب فنڈز کے مطابق مستحق اور اہل افراد کو مالی امداد فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ محکمہ کے مطابق ایکسپریس ٹریبیون میں شائع ہونے والی خبر نے محکمے کی مالی اور انتظامی صورتحال کی گمراہ کن تصویر پیش کی ہے، جس کی حقائق کی روشنی میں تصحیح ضروری ہے۔

بقیہ 6

ملک عامر اسلم، سیاسی و سماجی رہنما چوہدری عبدالرشید چیئرمین لاجکس کالج فیصل رزاق خواجہ سماجی شخصیت ڈاکٹر موسیٰ باجوہ اور معروف میڈیا پرسن طارق محمود قاسمی نے اظہار خیال کیا مقررین نے اپنے خطاب میں کہا کہ برداشت ایک مہذب پُرامن اور باشعور معاشرے کی بنیاد ہے اختلاف رائے کو احترام کے ساتھ قبول کرنا دوسروں کے نظریات کو برداشت کرنا اور تحمل و رواداری کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے معاشرے میں نفرت عدم برداشت اور انتہا پسندی کے خاتمے کے لیے تعلیم تربیت اور مثبت مکالمے کو فروغ دینا ہوگا شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ برداشت محبت احترام اور بھائی چارے کے پیغام کو عام کرنے کے لیے انفرادی اور اجتماعی سطح پر اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ 7

پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے خصوصی آگاہی و نفاذ مہم شروع کی گئی ہے۔ اس مہم کے تحت ڈائریکٹوریٹ آف لیبر ویلفیئر، راولپنڈی ڈویژن کی فیلڈ فارمیشن کی جانب سے پنجاب پیشہ ورانہ تحفظ و صحت ایکٹ 2019ء کی مؤثر عملداری یقینی بنانے کے لیے باقاعدہ معائنہ جات، کام کی جگہوں کی نگرانی اور آگاہی سرگرمیوں کے ذریعے بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ مورخہ 17 نومبر 2026ء کو جناب غلام شبیر کلیار، ڈائریکٹر لیبر ویلفیئر، راولپنڈی ڈویژن نے اپنی فیلڈ فارمیشن کے ہمراہ مختلف صنعتی اور تجارتی اداروں کا معائنہ کیا تاکہ کام کی جگہوں پر پیشہ ورانہ تحفظ اور صحت کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ متعلقہ قانونی تقاضوں پر عملدرآمد کی جانچ پڑتال کی جا سکے۔ دورانِ معائنہ آجروں اور اداروں کی انتظامیہ کے نمائندگان کو کام کی جگہوں پر تحفظ یقینی بنانے، پیشہ ورانہ خطرات کی روک تھام اور ضرورت کے مطابق محنت کشوں کو ذاتی حفاظتی سامان (Personal Protective Equipment (PPEs) فراہم کرنے کے حوالے سے ان کی قانونی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا گیا۔ راولپنڈی ڈویژن کے تمام صنعتی اور تجارتی اداروں کے مالکان، قابضین اور منتظمین کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ متعلقہ قانون کی تمام قابلِ اطلاق دفعات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں، کام کی جگہوں پر محفوظ اور صحت مند ماحول برقرار رکھیں اور محنت کشوں کو پیشہ ورانہ خطرات سے محفوظ رکھنے کے لیے تمام ضروری اقدامات بروئے کار لائیں۔ ڈائریکٹوریٹ آف لیبر ویلفیئر، راولپنڈی ڈویژن، محنت کشوں کی زندگیوں، صحت، تحفظ اور فلاح و بہبود کے تحفظ کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کرتا ہے اور تمام آجروں و متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے اپیل کرتا ہے کہ وہ محفوظ اور صحت مند ماحولِ کار کے فروغ کے لیے اپنا بھرپور تعاون یقینی بنائیں۔

بقیہ 8

بات پر زور دیا کہ واضح انتباہی لیبلز عوام، بالخصوص بچوں اور نوجوانوں کو غیر صحت بخش غذائی انتخاب سے محفوظ رکھنے اور ذیابیطس سمیت دیگر غیر متعدی امراض (NCDs) کے بڑھتے ہوئے بوجھ کو کم کرنے کے لیے نہایت ضروری ہیں۔ کانفرنس سے میجر جنرل (ر) مسعود الرحمٰن کیانی، سیکرٹری اوقاف جناب احسان بھٹہ، ڈائریکٹر جنرل اوقاف جناب انیس الرحمٰن، سیکرٹری سپریم کورٹ بار جناب احمد علی شیرازی اور سابق ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ پنجاب جناب فیاض احمد راجہ نے خطاب کیا۔ پناہ کے جنرل سیکرٹری جناب ثناء اللہ گھمن نے کانفرنس کی میزبانی کی اور پاکستان میں فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز کے لازمی ضوابط متعارف کروانے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ اپنے خطاب میں سابق وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر سعید راہی نے عوامی صحت کے تحفظ کے لیے مؤثر حکومتی پالیسیوں اور اجتماعی کوششوں کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے صحت کے بڑھتے ہوئے مسائل سے نمٹنے اور صحت مند غذائی ماحول کو فروغ دینے کے لیے حکومتی اداروں اور دیگر متعلقہ فریقین کے درمیان مربوط اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔ میجر جنرل (ر) مسعود الرحمٰن کیانی نے کہا کہ غیر متعدی امراض کے بوجھ کو کم کرنے کا سب سے مؤثر طریقہ بیماریوں سے بچاؤ اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنا ہے۔ انہوں نے غیر صحت بخش غذاؤں اور زیادہ مقدار میں چینی، نمک اور مضر صحت چکنائی پر مشتمل اشیاء کے استعمال کے نقصانات کو اجاگر کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز کا لازمی نفاذ عوام کو خوراک کے بارے میں باخبر فیصلے کرنے میں مدد دے سکتا ہے اور بیماریوں کی روک تھام میں اہم کردار ادا کر سکتا ہے۔ جناب فیاض راجہ نے صحت مند طرزِ زندگی کے فروغ اور عوامی آگاہی پیدا کرنے میں علماء کرام کے اہم کردار پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ انسانی جان کا تحفظ اور نقصانات سے بچاؤ ہم سب کی مشترکہ سماجی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے آئندہ نسلوں کی صحت کے تحفظ کے لیے اجتماعی کوششوں کی ضرورت پر زور دیا۔ پناہ کے جنرل سیکرٹری جناب ثناء اللہ گھمن نے پاکستان میں ذیابیطس اور دیگر غیر متعدی امراض کے بڑھتے ہوئے بوجھ پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ میٹھے مشروبات اور الٹرا پروسیسڈ غذاؤں کا ضرورت سے زیادہ استعمال ان بیماریوں کی ایک اہم وجہ ہے۔ انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ غیر صحت بخش غذائی مصنوعات پر فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز (FOPWLs) کے لازمی نفاذ کے عمل کو فوری طور پر تیز کیا جائے۔ انہوں نے وضاحت کی کہ نمایاں، سادہ اور آسانی سے سمجھ آنے والے انتباہی لیبلز صارفین کو ایسی غذائی مصنوعات کی شناخت میں مدد فراہم کریں گے جن میں چینی، نمک اور مضر صحت چکنائی کی مقدار زیادہ ہوتی ہے، تاکہ وہ خریداری کے وقت بہتر اور باخبر فیصلے کر سکیں۔ انہوں نے صحت مند طرزِ زندگی کے فروغ کے لیے مذہبی اجتماعات، منبر و محراب اور عوامی رابطوں کے ذریعے آگاہی پیدا کرنے میں علماء کرام کے مؤثر کردار کو بھی اجاگر کیا۔ انہوں نے احتیاطی صحت کی دیکھ بھال اور شواہد پر مبنی عوامی صحت کی پالیسیوں کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ خوراک پر لازمی انتباہی لیبلز غیر صحت بخش غذائی مصنوعات کے استعمال اور ان سے ہونے والے نقصانات کو کم کرنے اور غذا سے متعلق بیماریوں کی روک تھام میں ایک اہم ذریعہ ثابت ہو سکتے ہیں۔ کانفرنس کے شرکاء نے اس بات پر اتفاق کیا کہ عوامی صحت کے تحفظ کے لیے حکومت، مذہبی قیادت، طبی ماہرین اور سول سوسائٹی کی مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔ انہوں نے حکومتِ پاکستان سے مطالبہ کیا کہ فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز (FOPWLs) کے لازمی ضوابط فوری طور پر نافذ کیے جائیں اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ انتباہی لیبلز نمایاں، واضح اور آسان فہم ہوں، تاکہ صارفین غیر صحت بخش غذائی مصنوعات کی با آسانی شناخت کر سکیں۔ کانفرنس کا اختتام اس اجتماعی عزم اور مطالبے کے ساتھ ہوا کہ حکومت فوری اقدامات کرتے ہوئے فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز (FOPWLs) کے لازمی نفاذ کو یقینی بنائے، تاکہ موجودہ اور آنے والی نسلوں کو ذیابیطس اور دیگر قابلِ تدارک بیماریوں کے بڑھتے ہوئے بوجھ سے محفوظ رکھا جا سکے۔

بقیہ 9

طرح آرٹ اینڈ کرافٹ کے مقابلوں میں ڈویژنل سطح پر نمایاں پوزیشنز حاصل کرنے والی طالبات میں بھی تعریفی اسناد تقسیم کی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر نے طالبات کی محنت، تخلیقی صلاحیتوں اور غیر معمولی کارکردگی کو سراہتے ہوئے ان کی حوصلہ افزائی کی۔ ڈپٹی کمشنر نے سکول کے مختلف کلاس رومز کا دورہ کیا اور طالبات و اساتذہ سے ملاقات کر کے تدریسی سرگرمیوں اور تعلیمی ماحول کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر سکول کی پرنسپل نے ڈپٹی کمشنر کو عمارت اور سکول کے اطراف درپیش مسائل کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے نشاندہی کیے گئے مسائل کا نوٹس لیتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ ان کے حل کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں گے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ خصوصی بچوں کی تعلیم، تربیت اور صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی انتہائی اہم ہے۔ ایسے بچوں کی حوصلہ افزائی اور ان کی کامیابیوں کا اعتراف معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ خصوصی بچوں کی فلاح و بہبود، تعلیمی سہولیات کی بہتری اور ان کی صلاحیتوں کو مزید نکھارنے کے لیے ضلعی انتظامیہ اپنا کردار ادا کرتی رہے گی۔

بقیہ 10

صاف پانی اتھارٹی و دیگر متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ڈویژن بھر میں شہریوں کو صاف اور محفوظ پینے کے پانی کی فراہمی، موجودہ واٹر فلٹریشن پلانٹس کی فعالیت اور جاری منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو وزیراعلیٰ پنجاب صاف پانی پروگرام فیز ون پر تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ اس منصوبے کے تحت راولپنڈی ڈویژن میں 30 نومبر 2026 تک 706 فلٹریشن پلانٹس لگائے جائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع راولپنڈی میں 138، جہلم میں 119، اٹک میں 249، چکوال میں 72، مری میں 50 اور تلہ گنگ میں 78 پلانٹس لگائے جائیں گے۔ اسکے علاوہ ڈویژن بھر میں پہلے سے 376 واٹر فلٹریشن پلانٹس موجود ہیں جن میں سے 284 فعال اور 92 غیر فعال ہیں، جن کو فعال کرنے کے لئے کام جاری ہے۔ کمشنر نے ہدایت کی کہ تمام اضلاع میں واٹر فلٹریشن پلانٹس کا جامع ڈیٹا مرتب کیا جائے، غیر فعال پلانٹس کی وجوہات کی نشاندہی کر کے بحالی کے لیے واضح ٹائم لائن مقرر کی جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ تمام پلانٹس میں صاف اور محفوظ پانی کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے واٹر کوالٹی ٹیسٹنگ باقاعدگی سے کی جائے، فلٹرز کی بروقت تبدیلی اور مشینری کی دیکھ بھال پر خصوصی توجہ دی جائے۔ پلانٹس کی جیو ٹیگنگ، GPS مانیٹرنگ، روزانہ معائنوں اور شہریوں کے فیڈ بیک کے نظام کو مؤثر بنایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ شہری کی تصدیق اور شکایت کے ازالے کے بغیر شکایت بند نہ کی جائے۔ کمشنر راولپنڈی نے تمام متعلقہ محکموں کو باہمی رابطے کے ساتھ کام کرنے، پیش رفت کی باقاعدہ رپورٹ پیش کرنے اور ہر علاقے میں شہریوں کو صاف پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ شہری واٹر فلٹریشن پلانٹس سے متعلق شکایات ہیلپ لائن 1336 پر درج کروا سکتے ہیں

بقیہ 11

فائدہ صارفین تک کب پہنچے گا۔ حکومت کی جانب سے 17 نومبر سے پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں مزید دو، دو روپے فی لیٹر کمی کی گئی ہے، تاہم شہریوں کا کہنا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے اثرات بازاروں میں اشیائے ضروریہ کے نرخوں پر بھی نظر آنے چاہئیں۔ جب پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے تو ٹرانسپورٹیشن، سپلائی اور دیگر اخراجات کا جواز پیش کرتے ہوئے اشیاء کے نرخ فوری بڑھا دیے جاتے ہیں، لیکن جب یہی قیمتیں کم ہوتی ہیں تو اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں کمی کا معاملہ پس پشت چلا جاتا ہے۔ دوسری جانب دکانداروں کا مؤقف ہے کہ وہ خود بھی مہنگائی سے پریشان ہیں، انہیں منڈیوں اور ہول سیل ڈیلرز سے اشیاء مہنگے داموں ملتی ہیں، بجلی کے بل، دکانوں کے کرائے، مزدوری اور دیگر کاروباری اخراجات بھی بڑھ چکے ہیں، ایسے میں وہ خریداری کی قیمت سے کم نرخ پر سامان کیسے فروخت کر سکتے ہیں۔ دکانداروں کے مطابق جب تک منڈیوں اور تھوک مارکیٹوں میں قیمتیں کم نہیں ہوں گی، ریٹیل سطح پر اشیاء سستی کرنا بھی مشکل ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ قیمتوں میں کمی کا آغاز منڈیوں سے ہونا چاہیے تاکہ اس کا فائدہ دکانداروں اور پھر براہ راست صارفین تک پہنچ سکے۔ پاکستان بیورو آف اسٹیٹسٹکس کے ہفتہ وار اعداد و شمار بھی مہنگائی کی صورتحال کی نشاندہی کرتے ہیں۔ 12 نومبر کو ختم ہونے والے ہفتے میں حساس قیمتوں کے اشاریے میں ہفتہ وار بنیاد پر 0.46 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی، تاہم سالانہ بنیاد پر مہنگائی کی شرح 11.21 فیصد رہی۔ 51 بنیادی اشیاء میں سے 19 کی قیمتوں میں اضافہ، 9 میں کمی جبکہ 23 اشیاء کی قیمتیں برقرار رہیں، جس سے واضح ہوتا ہے کہ ہفتہ وار مجموعی کمی کے باوجود ہر چیز سستی نہیں ہوئی۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ مہنگائی کے اس معاملے میں صرف دکانداروں کو ذمہ دار قرار دینا بھی مسئلے کا مکمل حل نہیں، بلکہ حکومت کو منڈیوں میں تھوک نرخوں، ذخیرہ اندوزی، ناجائز منافع خوری اور ٹرانسپورٹ کے اخراجات کا بھی جائزہ لینا ہوگا۔ اگر منڈی سے دکان تک قیمتوں کے تعین کا نظام شفاف اور مؤثر بنایا جائے تو صارفین کو ریلیف مل سکتا ہے۔ شہری حلقوں نے وزیراعظم، وزیراعلیٰ پنجاب، کمشنر راولپنڈی اور ڈپٹی کمشنر راولپنڈی سے مطالبہ کیا ہے کہ پرائس کنٹرول کا نظام صرف کاغذی کارروائی اور نرخ ناموں کی تقسیم تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ منڈیوں، ہول سیل مارکیٹوں اور پرچون دکانوں پر قیمتوں کی باقاعدہ جانچ پڑتال کی جائے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کے ثمرات عوام تک منتقل کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں تاکہ مہنگائی سے پریشان سفید پوش، مزدور اور تنخواہ دار طبقہ بھی سکھ کا سانس لے سکے۔

بقیہ 12

پاک فضائیہ کے سربراہ نے اس امر پر زور دیا کہ مشترکہ تاریخ، یکساں اقدار اور باہمی اعتماد پر استوار پاکستان اور ترکیہ کی دوستی ایک مضبوط تزویراتی شراکت داری کی صورت اختیار کر چکی ہے، جس میں دفاع اور ایرواسپیس کے شعبوں میں مزید وسعت کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے معزز مہمان کو پاک فضائیہ کی جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ ایک مضبوط اور کثیرالجہتی فضائی قوت میں ڈھالنے کے لیے جاری اصلاحاتی و جدید کاری اقدامات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاک فضائیہ کی یہ تبدیلی جدید دفاعی صلاحیتوں کے حصول، مقامی سطح پر تحقیق و جدت کے فروغ اور مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ آپریشنل حکمتِ عملی کی تشکیل پر مرکوز ہے۔ اس موقع پر ایئر چیف نے ترک فضائیہ کو پائلٹس کی تربیت، پیشہ ورانہ مہارتوں کے فروغ اور استعدادِ کار میں اضافے کے لیے پاک فضائیہ کی جانب سے بھرپور تعاون کی یقین دہانی بھی کرائی۔ دونوں فضائی سربراہان نے بغیر پائلٹ اور خودکار نظاموں، الیکٹرانک وارفیئر، جدید ایرواسپیس ٹیکنالوجیز اور مقامی سطح پر تحقیق، ترقی اور پیداوار کے شعبوں میں دوطرفہ دفاعی تعاون کو وسعت دینے کے نئے امکانات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے دونوں فضائی افواج کے مابین پیشہ ورانہ روابط کو ادارہ جاتی سطح پر فروغ دینے، مشترکہ تربیتی پروگرامز اور فوجی مشقوں کے انعقاد کی اہمیت پر بھی زور دیا تاکہ باہمی آپریشنل ہم آہنگی کو فروغ دینے، مشترکہ صلاحیتوں کو مؤثر بنانے اور دفاعی تعاون کو مزید مستحکم کرنے میں مدد مل سکے۔ ترک فضائیہ کے سربراہ نے پاک فضائیہ کے اعلیٰ پیشہ ورانہ معیار، غیر معمولی آپریشنل صلاحیتوں اور قابلِ قدر حربی تجربے کا اعتراف کرتے ہوئے اسکی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا۔ انہوں نے ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی قیادت میں پاک فضائیہ کی تیز رفتار جدید کاری، مقامی ایرو اسپیس صلاحیتوں میں نمایاں پیش رفت اور ٹیکنالوجی کے میدان میں خود انحصاری کے حصول کے لیے جاری اقدامات کو بھی قابلِ تحسین قرار دیا۔ ترک فضائیہ کے سربراہ نے دوطرفہ دفاعی تعاون کو مزید بلندیوں تک پہنچانے کے لیے پاک فضائیہ کے وسیع حربی تجربے اور گراں قدر آپریشنل مہارت سے استفادہ کرنے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ یہ دورہ پاکستان اور ترکیہ کے مابین گہرے تزویراتی تعلقات اور دفاعی شعبے میں ایک مضبوط، مربوط اور جدید ٹیکنالوجی پر مبنی شراکت داری کو فروغ دینے کے مشترکہ عزم کا عکاس ہے۔ مشترکہ تزویراتی مفادات اور باہمی اعتماد کی بنیاد پر استوار دونوں فضائی افواج کا یہ بڑھتا ہوا تعاون دفاعی شعبے میں جدت و ترقی، مقامی دفاعی صلاحیتوں کے استحکام اور خطے میں امن و سلامتی کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گا۔

بقیہ 13

تک محدود ہے، جبکہ مبینہ طور پر قبضہ کر کے راستہ بند کر دیا گیا ہے، جس کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ اہل علاقہ نے ڈپٹی کمشنر فیصل آباد اور اسسٹنٹ کمشنر جڑانوالہ سمیت متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ قبرستان کی اراضی اور بند سڑک کی فوری تحقیقات کروائی جائیں، سرکاری ریکارڈ کے مطابق نشاندہی کر کے زمین اور راستہ واگزار کروایا جائے اور ذمہ داران کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ 14

تعمیراتی کام ہر صورت ایک ماہ کے اندر مکمل کیا جائے تاکہ عوام کو بہتر اور بروقت طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں انہوں نے کام کی رفتار اور معیار کو یقینی بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اسپتال میں طبی سہولیات کی بہتری ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے اس موقع پر میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ایم ایس سول اسپتال کندھ کوٹ سمیت دیگر متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔

بقیہ 15

اور سماجی اعتبار سے اسلام آباد سے گہرا تعلق رکھتی ہے۔ اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ بھی اسی تحصیل میں واقع ہے، جبکہ فتح جنگ کے ہزاروں شہری روزانہ تعلیم، علاج، روزگار، کاروبار اور دیگر بنیادی ضروریات کے لیے اسلام آباد کا رخ کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ زمینی حقائق اس امر کے متقاضی ہیں کہ فتح جنگ کو اسلام آباد کی مستقبل کی منصوبہ بندی اور انتظامی ڈھانچے کا حصہ بنایا جائے، تاکہ علاقے میں بنیادی سہولیات، صحت، تعلیم، سڑکوں، ٹرانسپورٹ اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کو مربوط انداز میں فروغ دیا جا سکے۔ سردار عامر علی خان نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومتِ پاکستان، وزارت داخلہ، متعلقہ وفاقی کمیٹیاں اور حکومتِ پنجاب اس تجویز کو قومی اور عوامی مفاد میں زیر غور لائیں اور اس سلسلے میں مقامی آبادی کو اعتماد میں لیتے ہوئے باضابطہ مشاورت کا آغاز کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہم تحصیل فتح جنگ کے، سماجی و کاروباری حلقوں، نوجوانوں، دانشوروں اور منتخب نمائندوں سے بھی اپیل کرتے ہیں کہ وہ اس اہم معاملے پر اپنی آواز بلند کریں اور ایک پُرامن، جمہوری اور آئینی جدوجہد کا حصہ بنیں۔

بقیہ 16

محمد مراد شیخ اور ان کی اہلیہ بینظیر شیخ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ شوکت مری مبینہ طور پر شراب کے نشے میں دھت ہو کر چند دیگر افراد کو اپنے ہمراہ لے کر ان کے گھر میں زبردستی داخل ہوا اور انہیں خوف زدہ کرنے کے ساتھ جان سے مارنے کی سنگین دھمکیاں دیں۔ متاثرہ خاندان کے مطابق اس واقعے کے بعد وہ شدید خوف اور ذہنی پریشانی میں مبتلا ہیں اور خود کو غیر محفوظ محسوس کر رہے ہیں اس موقع پر متاثرہ خاندان نے روتے ہوئے میڈیا کو بتایا کہ ان کے ساتھ مسلسل ناانصافی اور زیادتی کی جا رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر ان کے ذمے کوئی رقم واجب الادا تھی تو وہ پہلے ہی ادا کر چکے ہیں، اس کے باوجود انہیں بار بار تنگ کیا جا رہا ہے اور مبینہ طور پر دھمکیوں کے ذریعے دباؤ میں رکھنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ محمد مراد شیخ اور ان کی اہلیہ نے مزید الزام عائد کیا کہ مذکورہ شخص خود کو میڈیا سے وابستہ ظاہر کرتے ہوئے انہیں یہ دھمکی دیتا ہے کہ وہ میڈیا میں ہے اور ان کے خلاف سوشل میڈیا پر پوسٹیں چلائے گا۔ متاثرہ خاندان کے مطابق اس طرزِ عمل کے ذریعے انہیں مبینہ طور پر بدنام کرنے، ہراساں کرنے اور بلیک میل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ احتجاج کرنے والے میاں بیوی کا کہنا تھا کہ صحافت ایک مقدس اور ذمہ دارانہ پیشہ ہے، جس کا بنیادی مقصد عوام کی آواز بلند کرنا، مظلوموں کو انصاف دلانا اور معاشرے میں حق و سچ کا ساتھ دینا ہے، تاہم کسی بھی شخص کو میڈیا سے وابستگی کی بنیاد پر قانون سے بالاتر ہونے یا کسی شہری کو مبینہ طور پر ہراساں کرنے، دھمکانے اور دباؤ میں رکھنے کا اختیار حاصل نہیں ہونا چاہیے متاثرہ خاندان نے اعلیٰ پولیس حکام سے اپیل کی کہ وہ اس معاملے کو محض گھریلو یا مالی تنازع سمجھ کر نظر انداز نہ کریں بلکہ گھر میں مبینہ زبردستی داخل ہونے، جان سے مارنے کی دھمکیوں اور بلیک میلنگ کے الزامات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں، تاکہ اصل حقائق سامنے آ سکیں اور کسی بھی فریق کے ساتھ ناانصافی نہ ہو انہوں نے ڈی آئی جی لاڑکانہ شیراز نظیر اور ایس ایس پی کشمور ڈاکٹر سمیع اللہ سومرو سے پرزور مطالبہ کیا کہ واقعے کا فوری نوٹس لے کر متاثرہ خاندان کو مکمل تحفظ فراہم کیا جائے، مبینہ طور پر دھمکیاں دینے اور ہراساں کرنے میں ملوث شخص کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے اور اگر الزامات ثابت ہوں تو ذمہ داروں کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے متاثرہ میاں بیوی نے مزید کہا کہ انہیں کسی سے ذاتی دشمنی نہیں، وہ صرف اپنے اور اپنے خاندان کے جان و مال کے تحفظ اور انصاف کے طلب گار ہیں۔ انہوں نے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ ان کی شکایت پر فوری توجہ دی جائے تاکہ مستقبل میں کسی ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے واضح رہے کہ مذکورہ الزامات احتجاج کرنے والے خاندان کی جانب سے عائد کیے گئے ہیں، جبکہ ان الزامات پر شوکت مری کا مؤقف سامنے آنا باقی ہے۔ ان کا مؤقف سامنے آنے پر اسے بھی خبر کا حصہ بنایا جائے گا۔

بقیہ 17

ٹریفک پولیس اہلکاروں نے بھی مختلف مقامات پر پبلک ٹرانسپورٹ کی نگرانی کی۔ مشترکہ کارروائی کے دوران گاڑیوں میں درج کرایوں کی تفصیلات اور مسافروں سے وصول کی جانے والی رقوم کا جائزہ لیا گیا جبکہ سفری سہولیات سے متعلق بھی دریافت کیا گیا۔ پٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے نظرثانی شدہ کرایہ نامہ مرتب کر کے ٹرانسپورٹرز کو اس کے مطابق کرائے وصول کرنے کی ہدایت جاری کر دی گئی۔ متعلقہ حکام نے ٹرانسپورٹرز کو پابند کیا کہ منظور شدہ کرایوں کی فہرست گاڑیوں میں ایسی جگہ نصب کریں جہاں ہر مسافر با آسانی دیکھ سکے، مقررہ نرخوں سے تجاوز یا احکامات کی خلاف ورزی پر قانونی کارروائی ہوگی۔ عوامی مسئلے پر روزنامہ عوامی للکار کی بروقت نشاندہی کے نتیجے میں ہونے والی اس پیش رفت کو شہریوں نے سراہتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ محض چیکنگ تک کارروائی محدود رکھنے کے بجائے نئے کرایوں پر مستقل عملدرآمد بھی یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 18

کیا۔ سیدہ زینب حسین نے کہا کہ ورکرز کے مسائل سننا اور ان کے حل کے لیے اقدامات کرنا ان کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ کسی بھی ملازم کو شکایت کی صورت میں ان کے دفتر آنے سے نہیں روکا جائے گا اور دروازے ہر وقت کھلے ہیں۔ اس موقع پر انہوں نے سینٹری ورکرز کے جائز مسائل نظر انداز نہ کرنے اور ان کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 19

دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے عالمی امور میں اقوام متحدہ کے مرکزی کردار کے لئے پاکستان کی دیرینہ حمایت اور کثیرجہتی نظام کے لئے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان اقوام متحدہ کے منشور کے مقاصد اور اصولوں کی حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ 20

گی۔ ایس آئی ایف سی کے ایک سینئر ذریعے نے بتایا کہ رپورٹ پر زیادہ تر کام مکمل ہو چکا ہے، یہ ملک کے سرمایہ کاری کے نظام میں زیادہ شفافیت کی جانب ایک اہم قدم ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام حکومت کے اقتصادی گورننس اصلاحاتی ایجنڈے کا حصہ ہے جس میں ایک ایسا جامع طریقہ کار وضع کرنے کا تصور پیش کیا گیا ہے جس کے تحت کونسل کی سرمایہ کاری سے متعلق سرگرمیوں اور انفرادی منصوبوں پر عمل درآمد کی صورتحال کی تفصیلات جاری کی جائیں گی۔

بقیہ 21

خلاف اپیل مسترد کر دی۔ ٹرائل کورٹ نے 2021 کے مقدمے میں مجرم کو سزائے موت سنائی تھی۔ بچی کے والدین نے راضی نامہ کرتے ہوئے مجرم کی بریت پر اعتراض نہ کرنے کا بیان دیا۔ ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل ہارون الرشید کی راضی نامے کی بھرپور مخالفت کی۔ ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل ہارون الرشید نے کیس کا فیصلہ میرٹ پر کرنے کی استدعا کی۔ ڈپٹی پراسیکیوٹر نے کہا کہ بچی و ڈاکٹر کے بیان، میڈیکل، ڈی این اے رپورٹ سے جرم ثابت ہے۔ مجرم کے وکیل نے بچی کے بیانات اور ڈی این اے رپورٹ پر اعتراضات اٹھائے۔ ہائیکورٹ نے مجرم کے وکیل کے اعتراضات مسترد کرتے ہوئے سزائے موت برقرار رکھی۔ مجرم کے خلاف 2021 میں قصور پولیس نے زنا کا مقدمہ درج کیا تھا۔

بقیہ 22

سیٹلائٹس استعمال کر سکیں گی۔ پاکستان میں رجسٹرڈ طیاروں کو سیٹلائٹ سے ٹیلی کمیونیکیشن سروسز فراہم کرنے کی اجازت ہوگی۔ پی ٹی اے کے مطابق پاکستانی فضائی حدود سے گزرنے والے ٹرانزٹ طیاروں کو ان سروسز کیلئے این او سی لازمی ہوگا، دوران پرواز ٹیلی کمیونیکیشن سروسز کے آغاز سے مسافروں کو بلاتعطل انٹرنیٹ کی سہولت ملے گی۔

بقیہ 23

دوران سیکڑوں نوجوانوں کے خلاف مقدمات درج ہونے سے ان کا پولیس ریکارڈ بن رہا ہے، جس کے باعث انہیں سرکاری و نجی ملازمتوں، غیر ملکی سفر اور سفارتخانوں سے متعلق امور میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ادارے نے ہدایت کی ہے کہ کال سینٹر میں ملازمت کے لیے درخواست دینے سے پہلے کمپنی کی ایس ای سی پی، ایف بی آر، پی ایس ای بی اور پی ٹی اے سے رجسٹریشن کی تصدیق ضرور کی جائے۔ این سی سی آئی اے کے مطابق کمپنی کا رجسٹرڈ ہونا، ایف بی آر سے این ٹی این اور ٹیکس رجسٹریشن، پی ایس ای بی رجسٹریشن اور اس کی تجدید، جبکہ پی ٹی اے سے آئی پی وائٹ لسٹنگ اور قانونی ٹیلی کام سروسز کے استعمال کی تصدیق بھی ضروری ہے۔

بقیہ 24

پولیس کے نام پر لے لیے جس کے بعد ملزم نے درخواست کے پیروی نہ کی اور نہ ہی تھانہ میں کسی سے بات کی جس پر ملزم کی جعل سازی پکڑی گئی۔

بقیہ 25

میونسپل سروسز تعیناتی کا سابقہ نوٹیفکیشن واپس لے لیا گیا، مینیجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب اتھارٹی قصور علی عاطف کو محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن رپورٹ کرنے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز ڈیرہ غازی خان محمد اسد کو تبدیل کر کے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز قصور تعینات کر کے ایم ڈی ستھرا پنجاب اتھارٹی قصور کا اضافی چارج بھی سونپ دیا گیا جبکہ ان سے کوہ سلیمان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل کا اضافی چارج واپس لے لیا گیا، نیز مصطفیٰ کو ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر میونسپل سروسز ڈیرہ غازی خان، سیکشن آفیسر کوآپریٹوز ڈیپارٹمنٹ مخدوم یاسر قدوس سیکشن آفیسر کو تبدیل کر کے سیکشن آفیسر (اسٹیبلشمنٹ ٹو) سروسز ونگ ایس اینڈ جی اے ڈی، تقرری کے منتظر جواد حسین کو سیکشن آفیسر کوآپریٹوز ڈیپارٹمنٹ، سیکشن آفیسر کوآپریٹوز ڈیپارٹمنٹ فیاض احمد کو تبدیل کر کے سیکشن آفیسر محکمہ داخلہ جبکہ تقرری کی منتظر مس سعدیہ جعفر کو سیکشن آفیسر کوآپریٹوز ڈیپارٹمنٹ تعینات کر دیا گیا۔

بقیہ 26

سے لوگوں کو بھیجا جائے گا تو سوال ضرور اٹھے گا، لسٹ میں موجود لوگوں کو ملاقات کیلئے بھیجا جائے گا تو سوال نہیں اٹھے گا۔

بقیہ 27

شاہد اسلم چودھری نے کہا کہ سرکاری آٹے کی بلا تعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے محکمہ خوراک کی ٹیموں کو متحرک کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 28

جاری ترقیاتی کاموں میں ہونے والی پیشرفت پر بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ منصوبے کے مختلف سیکشنز پر 24/7 تعمیراتی سرگرمیاں روزانہ کی بنیاد پر بھرپور طریقے سے جاری ہیں اور مجموعی طور پر ابتک منصوبے کے 41 فیصد ترقیاتی کاموں کو مکمل کر لیا گیا ہے۔ چیئرمین سی ڈی اے کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ منصوبے میں مرکزی شاہراہ کی توسیع (ایکسٹینشن) تقریباً 2.7 کلومیٹر لمبائی (آئی سی ای حدود) کے تمام سیکشنز پر تیزی سے کام جاری ہے۔ اسی طرح منصوبے میں شامل تمام لوپس اور ریمپس کا کام بھی تیزی کیساتھ جاری ہے۔ جبکہ مرکزی شاہراہ سے منسلک سروس روڈ پر بھی کام کیا جا رہا ہے۔ بریفنگ دیتے ہوئے چیئرمین سی ڈی اے کو بتایا گیا کہ مارگلہ ایونیو توسیع منصوبے میں شامل انڈر پاس کے سٹرکچرل ورک کو مکمل کر لیا گیا ہے۔ جبکہ انڈر پاس کی کنکریٹ والز اور فوٹنگ سلیبس کا کام بھی مکمل کرا لیا گیا ہے۔

بقیہ 29

اکبر ضیا کی قیادت میں وفد کے درمیان ملاقات میں کیا گیا۔ اس موقع پر فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے صدر عاطف اکرام شیخ بھی موجود تھے۔ ایف پی سی سی آئی اور آئی سی سی آئی کے صدور نے چیئرمین سی ڈی اے کو بلیو ایریا میں سروس روڈ کی بندش کے باعث کاروباری برادری کو درپیش شدید مشکلات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ اس پابندی سے تجارتی سرگرمیاں بری طرح متاثر ہوئی ہیں اور تاجروں، صارفین اور آنے جانے والوں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے۔

بقیہ 30

علی خان کی عیادت کے موقع پر گفتگو کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان عوامی تحریک 2 دہائیوں سے انتظامی بنیادوں پر نئے صوبے بنانے کی بات کر رہی ہے۔ صوبے بنانے کی منظم سوچ پاکستان عوامی تحریک نے ہی دی، جو جماعتیں اس وقت برسراقتدار ہیں یہ چاہتی ہیں یہی نظام چلتا رہے اور اسی طرح قومی خزانہ لٹتا رہے۔

بقیہ 31

زندگی کے دشمن ہیں، والدین اپنے بچوں پر نظر رکھیں اور انہیں اس ناسور سے بچانے میں کردار ادا کریں، ویپ کی خرید و فروخت پر پابندی عائد ہے ملوث افراد کے خلاف کارروائی یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ 32

لیا، اشتہاری فروری اور دسمبر 2025 سے پولیس کو مطلوب تھے، تھانہ سٹی پولیس نے چیک ڈس آنر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری کو گرفتار کر لیا، اشتہاری نومبر 2019 سے پولیس کو مطلوب تھا، ایس پی راول بیدار بخت گوندل کا کہنا تھا کہ اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 33

نے بتایا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا۔

بقیہ 34

کہ کسی بھی بچے کو تشدد، بدسلوکی یا استحصال کا نشانہ نہیں بنایا جانا چاہئے، ہر بچے کو اس کے سماجی یا معاشی حالات سے قطع نظر تحفظ، عزت و وقار اور سلامتی کا حق حاصل ہے۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ اسلام آباد میں بچوں سے ملازمت کرانے کے حوالے سے چار سال قبل نافذ کئے گئے قانون کے تحت اس عمر کا کوئی بچہ گھریلو ملازم کے طور پر کام نہیں کر سکتا، خواہ اس کے والدین نے اس کی اجازت ہی کیوں نہ دی ہو۔ انہوں نے زور دیا کہ بچوں کے استحصال کی روک تھام کے لئے قانون پر اس کی روح کے مطابق عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 35

کے 12 اضلاع میں سموگ کی صورتحال کو ہائی اور تشویشناک قرار دیا گیا ہے، جن میں لاہور، نارووال، بہاولنگر، شیخوپورہ، سیالکوٹ، گوجرانوالہ اور سرگودھا شامل ہیں۔

بقیہ 36

تعزیتی پیغام میں نواز شریف نے کہا کہ مولانا نذر الرحمان کی رحلت پر دلی صدمہ پہنچا ہے۔ نواز شریف نے مرحوم کی دینی، علمی اور تبلیغی خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنی زندگی دین کی دعوت و اشاعت اور امت مسلمہ کی اصلاح کے لیے وقف کیے رکھی۔

بقیہ 37

تسلسل سے نہ چلنا حکومتی کارکردگی پر سوالیہ نشان بن گیا۔ اسپیکر ملک محمد احمد خان کی زیرِ صدارت اجلاس میں حکومتی رکن طاہر پرویز نے فیصل آباد میں بوائلر پھٹنے کے واقعات کے نتیجے میں مزدوروں کی ہلاکتوں کا معاملہ اٹھاتے ہوئے کہا کہ مزدوروں کے تحفظ کے لیے کوئی مؤثر پالیسی موجود نہیں اور شہر میں آئے روز حادثات پیش آ رہے ہیں۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے انڈسٹریز حسن عسکری شیخ نے جواب دیا کہ بوائلر انسپکٹرز کو رجسٹرڈ بوائلرز کی جانچ پڑتال اور سرٹیفکیٹ جاری کرنے کا اختیار حاصل ہے تاہم غیر رجسٹرڈ بوائلرز کے باعث حادثات پیش آتے ہیں۔ حکومت غیر رجسٹرڈ بوائلرز کے خلاف کارروائی اور رجسٹرڈ بوائلرز کے استعمال کو یقینی بنانے کے اقدامات کر رہی ہے۔ سپیکر نے پارلیمانی سیکرٹری کو طاہر پرویز کے ساتھ بیٹھ کر معاملہ حل کرنے کی ہدایت کی۔ پیپلز پارٹی کے رکن علی حیدر گیلانی نے کامن ویلتھ پارلیمانی ایسوسی ایشن کی جانب سے پنجاب اسمبلی کی کارکردگی کو سراہنے پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ اسمبلی کو پیپر لیس بنانے، سولر توانائی پر منتقل کرنے اور ڈیجیٹلائزیشن کے اقدامات کو عالمی سطح پر تسلیم کیا گیا ہے۔

بقیہ 38

ہونے کے باوجود اس کے دونوں اطراف رابطہ سڑکیں موجود نہیں تھیں جس کے باعث عوام کو طویل عرصے سے مشکلات کا سامنا تھا۔ اب اس دیرینہ مسئلے کو حل کرنے کے لیے این ایچ اے نے عملی اقدامات شروع کر دیے ہیں اور نئی سڑکیں 2 ماہ کے اندر مکمل کر لی جائیں گی۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے دریائے سندھ پر لیہ، تونسہ پل سے منسلک زیر تعمیر سڑکوں کے کام کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ نئی سڑکوں کی تعمیر سے لیہ اور تونسہ کے شہری دونوں اطراف سے براہ راست رابطے میں آ جائیں گے اور دونوں شہروں کے درمیان گھنٹوں پر محیط سفر چند منٹوں میں طے ہو سکے گا۔ انہوں نے پل پر روشنیوں کی مناسب انتظام کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ نئی سڑکوں کی تعمیر کی تکمیل کے بعد وزیراعظم پاکستان ان کا افتتاح کریں گے۔

بقیہ 39

آسان بنانے کے لیے تجاویز پیش کر دیں۔ مشترکہ ٹیسٹنگ لیبارٹریز، جدید مشینری، سستی توانائی، آسان قرضوں اور بندرگاہوں پر سامان کی کلیئرنس تیز کرنے کی سفارشات بھی پلان کا حصہ ہیں۔ دستاویز کے مطابق برآمدی صنعتوں کے خام مال پر اضافی ڈیوٹیز اور ٹیرف کی خامیاں دور کرنے، کسٹم کلیئرنس میں تاخیر ختم کرنے اور برآمد کنندگان کو ریفنڈز کی بروقت ادائیگی یقینی بنانے کی سفارش کی گئی ہے۔ صنعتوں کی پیداواری لاگت کم کرنے کے لیے بجلی اور گیس کی قیمتوں کا تقابلی جائزہ لینے اور توانائی کی بچت پر سرمایہ کاری کی تجویز۔ برآمدی صنعتوں کیلئے مشترکہ ٹیسٹنگ لیبارٹریز اور سرٹیفکیشن کی سہولیات بڑھانے، جدید مشینری، آٹومیشن اور صنعتی کلسٹرز میں نئی ٹیکنالوجی متعارف کرانے کی بھی سفارش۔ برآمد کنندگان کو قرضوں تک آسان رسائی، انوائس کی بنیاد پر ورکنگ کیپیٹل اور سپلائی چین فنانسنگ فراہم کرنے کی تجویز بھی پلان کا حصہ ہے۔

بقیہ 40

کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق جی ایچ کیو راولپنڈی میں ہونے والی ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سلامتی اور دفاعی تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے دونوں ممالک کے گہرے تاریخی، ثقافتی اور اسٹریٹجک تعلقات کو اجاگر کیا۔

بقیہ 41

جائے گا۔ آئندہ 3 ماہ کے لیے فی یونٹ بجلی کتنی مہنگی ہوگی؟ نیپرا تعین کرے گا۔ سماعت چیئرمین نیپرا وسیم مختار چوہدری کی زیرصدارت اسلام آباد میں ہوگی، بجلی مہنگی کرنے کے لیے ڈسکوز نے نیپرا میں درخواست جمع کرائی تھی۔ بجلی صارفین سے 23 ارب 33 کروڑ روپے کی وصولی مانگی گئی ہے۔ اضافہ کراچی سمیت ملک بھر کے لیے فی یونٹ ایک روپے 34 پیسے بنتا ہے۔

بقیہ 42

۔ دوسرے مرحلے میں بھی 18 اضلاع میں انتخابات کرائے جائیں گے۔ دوسرے مرحلے میں ساہیوال، گوجرانوالہ، وزیرآباد، بہاولنگر، اٹک، خوشاب، منڈی بہاؤالدین، وہاڑی، جہلم، شیخوپورہ، مظفرگڑھ، کوٹ ادو، ٹوبہ ٹیک سنگھ، فیصل آباد، ملتان، میانوالی، لیہ، جھنگ، گجرات اور رحیم یار خان شامل ہیں۔ الیکشن کمیشن نے متعلقہ حکام کو بلدیاتی انتخابات کے انعقاد کے لیے تمام ضروری پیشگی اقدامات بروقت مکمل کرنے کی ہدایت کر دی۔

بقیہ 43

راجہ پرویز اشرف کے ہمراہ ضلع قصور کی تحصیل چونیاں کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے پارٹی کے سابق رکن پنجاب اسمبلی امجد علی سے ان کی اہلیہ کے انتقال پر تعزیت اور دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ فریال تالپور نے مرحومہ کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور سوگوار خاندان کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ اس موقع پر انہوں نے امجد علی اور ان کے اہل خانہ سے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے درجات کی بلندی کے لیے بھی دعا کی۔

بقیہ 44

میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے پاکستان ایک مرتبہ پھر عالمی سطح پر قرآن کریم کی ترویج و اشاعت کے لئے ایک اہم اور بابرکت تقریب کی میزبانی کرنے جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوسرا بین الاقوامی مقابلہ برائے قرأت قرآن کریم 24 سے 26 نومبر 2026 تک اسلام آباد میں منعقد ہوگا، یہ مقابلہ محض ایک مسابقتی تقریب نہیں بلکہ قرآن کریم سے وابستگی، محبت اور عقیدت کے اظہار کا ایک عالمی پلیٹ فارم ہے۔

بقیہ 45

فائرنگ سے باپ اور بیٹی جاں بحق ہو گئے، دونوں عدالت میں پیشی بھگتنے کے بعد موٹر سائیکل پر واپس اپنے گھر جا رہے تھے۔ پولیس ذرائع کے مطابق فائرنگ کے نتیجے میں موقع پر ہی دم توڑ جانے والوں کی شناخت شہلا بی بی اور ان کے والد سیف اللہ کے ناموں سے ہوئی ہے۔

بقیہ 46

سلمان اکرم راجہ نے ایک دوسرے کیخلاف بیانات پر ردعمل میں کہا کہ یہ چاہتے ہیں کے بانی اندر رہیں تاکہ ان کی دکانداری چلتی رہے۔ انہوں نے کہا کہ ساری پارٹی ایک دوسرے سے دست و گریباں ہے، یہ بانی پی ٹی آئی کو کیا چھڑائیں گے، ایسے حمایتی اور پارٹی رہنما بانی کے لیے قید سے بھی بڑی سزا ہیں۔

بقیہ 47

پولیس نے ملزمان کو گرفتار کرنے کی کوشش کی تاہم عدالتی احاطے میں موجود وکلا نے مزاحمت کرتے ہوئے گرفتاری روک دی جس پر پولیس نے کچہری کے سارے گیٹ بند کروا دیے۔ وکلا کچہری اور ہائی کورٹ کا دروازہ توڑ کر ہائی کورٹ میں داخل ہو گئے، تیمور جھگڑا، کامران بنگش اور عرفان سلیم بھی ہائی کورٹ پہنچے۔ انسداد دہشتگردی عدالت نے فریقین کے وکلا کے دلائل مکمل ہونے پر منگل کو ہی فیصلہ محفوظ کیا تھا جو بعد ازاں سناتے ہوئے تینوں ملزمان کی عبوری ضمانت منسوخ کر دی گئی۔ سماعت کے دوران ریڈیو پاکستان کے وکیل شبیر حسین عدالت میں پیش ہوئے۔

بقیہ 48

متیالمیر ابس ٹرمینل کے قریب اہلکاروں پر اندھا دھند فائرنگ کی گئی۔ فائرنگ سے ڈی ایس آر برکت سر پر گولی لگنے سے شدید زخمی ہوئے۔ آزاد کشمیر پولیس نے بتایا کہ زخمی ڈی ایس آر زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے سی ایم ایچ راولاکوٹ میں جام شہادت نوش کر گئے۔ آزاد کشمیر پولیس کے مطابق جوابی کارروائی میں فسادی ٹولے کے 4 مسلح افراد مارے گئے۔

بقیہ 49

رسائی میں بہتری اور کاروباری تعاون بڑھانے کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے ترکمانستان کے وزیر کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے مضبوط دوطرفہ تعلقات کو عملی تجارتی شراکت داری میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے، بالخصوص ٹیکسٹائل، زراعت، فوڈ پروسیسنگ، صنعتی پیداوار اور ترسیل کے شعبوں میں تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان کاروباری وفود کے تبادلوں کو سراہتے ہوئے نئے سرمایہ کاری کے مواقع کی نشاندہی اور قابل عمل تجارتی انتظامات کی تیاری کیلئے مسلسل روابط برقرار رکھنے کی ضرورت پر زور دیا۔ عالمی اقتصادی حالات میں تبدیلیوں کا ذکر کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ بین الاقوامی سطح پر مال برداری کے اخراجات میں اضافے اور روایتی تجارتی راستوں میں رکاوٹوں کے باعث علاقائی اقتصادی انضمام کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ترکمانستان جنوبی ایشیا، وسطی ایشیا اور مشرق وسطیٰ کو ملانے والے ابھرتے ہوئے تجارتی مواقع سے فائدہ اٹھانے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔

بقیہ 50

مصنوعات، شیشہ فلیورز اور شیشہ کے لوازمات ضبط کر لیے، جن کی مجموعی مالیت تقریباً 14 کروڑ 53 لاکھ 76 ہزار روپے ہے۔ پہلی کارروائی میں پاکستان کسٹمز انفورسمنٹ کراچی نے دو ٹرالروں پر لدے چار 20 فٹ کنٹینرز، جن کے رجسٹریشن نمبر TLV-868 اور TKN-627 تھے، کو آر سی ڈی ہائی وے پر نیو یوسف گوٹھ ٹرمینل کے قریب روک لیا۔ مذکورہ گاڑیاں ناردرن بائی پاس سے کراچی کی جانب آ رہی تھیں۔ کنٹینرز کی تفصیلی جانچ پڑتال کے دوران جانوروں کی خوراک کے تھیلوں کے پیچھے چھپائی گئی 20 ہزار کلوگرام کٹی ہوئی چھالیہ برآمد ہوئی، جو 50 کلوگرام کے 400 تھیلوں میں پیک تھی۔ اس کے علاوہ 30 ہزار کلوگرام مشتبہ فیڈ خام مال بھی برآمد ہوا، جو 50 کلوگرام کے 600 تھیلوں میں موجود تھا۔ مذکورہ خام مال کی نوعیت اور ترکیب کی تصدیق کے لیے لیبارٹری تجزیہ کیا جائے گا۔ برآمد شدہ چھالیہ کی تخمینہ شدہ مالیت 5 کروڑ روپے جبکہ دونوں ٹرالروں اور چار کنٹینرز کی مالیت 2 کروڑ 40 لاکھ روپے ہے۔ اس طرح مشتبہ فیڈ خام مال کی مالیت کے علاوہ ضبط شدہ سامان اور گاڑیوں کی مجموعی مالیت 7 کروڑ 40 لاکھ روپے بنتی ہے۔ کیس مزید کارروائی اور فیصلہ سازی کے لیے ایڈجیوڈیکیشن کو بھجوایا جا رہا ہے۔

بقیہ 51

مسکین خاں دہشت گرد کو گرفتار کر لیا اور اسکے قبضہ سے دو کلو دھماکہ خیز مواد ڈیٹونیٹر الیکٹرک، آئی ای ڈی، الیکٹرک بٹن، پرائما کارڈ اور دوسرا میٹریل برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق اسد امانت علی انڈر آفیسر کو خفیہ جنس کی بنیاد پر اطلاع ملی کہ دہشت گرد تخریبی کارروائی کے لیے پایا گیا ہے، جس پر آفیسر نے سرکاری گاڑی نمبر 1226 ایل ای جی میں اپنی ٹیم کے ہمراہ چھاپہ مار کر مسکین خاں ولد فضل منان پٹھان سکنہ لکڑے ادین خیل سٹی ضلع مہمند ایجنسی خیبر پختونخواہ کو شولڈر بیگ سمیت گرفتار کر لیا اور ملزم کے قبضہ سے 2067 گرام بارودی مواد، آہنی ڈبہ، الیکٹرک سرکٹ، الیکٹرک ڈینٹونیٹر، الیکٹرک تاریں آئی ای ڈی، بیٹری ہولڈر وغیرہ اور نقدی 2050 روپے برآمد کر لی۔ تھانہ سی ٹی ڈی ساہیوال نے انڈر آفیسر اسد امانت علی کی مدعیت میں مقدمہ 5/4 ایکسپلوز ایکٹ اور 7 انسداد دہشت گردی ایکٹ درج کر کے تفتیش شروع کر دی اور ملزم کو ہیڈ کوارٹر تفتیش کے لیے منتقل کر دیا ہے۔

محکمہ داخلہ پنجاب میں کابینہ کمیٹی برائے امن و امان کا 62 واں اجلاس

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب میں کابینہ کمیٹی برائے امن و امان کا 62 واں اجلاس ہوا۔ صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی خواجہ سلمان رفیق، صوبائی وزیر و کو چیئرمین بلال یاسین، صوبائی وزیر سید عاشق حسین کرمانی اور معاون خصوصی رانا بلال احمد نے اجلاس میں شرکت کی۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے اجلاس کو صوبہ بھر میں امن و امان کی صورتحال کے حوالے سے بریفنگ دی۔ کابینہ کمیٹی نے گرو نانک دیو جی کی 557 ویں سالگرہ کی تقریبات کے حوالے سے حفاظتی انتظامات پر بریفنگ لی اور تقریبات کیلئے فول پروف سیکیورٹی فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں پولیس اسٹیشن کاہنہ کی حدود میں نئے پولیس اسٹیشن ہلوکی کے قیام کی منظوری دی گئی۔ شہریوں کی سہولت کیلئے سرگودھا کے 7 تھانوں کی حدود میں تبدیلی اور نئے پولیس اسٹیشن مٹھا لک کے قیام کی بھی منظوری دی گئی۔ کابینہ کمیٹی نے 36 جیل ٹرائلز اور 2 جے آئی ٹیز کی تبدیلی کی منظوری بھی دی۔ اجلاس میں پنجاب کے 38 اضلاع میں 151 ایڈیشنل اسسٹنٹ کمشنرز کی بطور پرائس کنٹرول مجسٹریٹس تعیناتی کی بھی منظوری دی گئی۔ اس کے علاوہ 5 اضلاع میں 106 پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کو نوٹیفائی اور 57 کو ڈی نوٹیفائی کرنے کی منظوری دی گئی۔ صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر صوبہ بھر میں امن و امان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔ انہوں نے قیام امن کیلئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے عوام الناس کے جان و مال کے تحفظ کیلئے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والوں کو سلام پیش کیا۔ صوبائی وزیر و کو چیئرمین کابینہ کمیٹی بلال یاسین نے کہا کہ عوام کے جان و مال اور املاک کا تحفظ حکومتِ پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ قیام امن کیلئے محکمہ داخلہ پنجاب اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی قابلِ ستائش ہے۔ صوبائی وزیر سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ پنجاب کو پرامن بنانے کیلئے قانون نافذ کرنے والے اداروں کی خدمات قابلِ تحسین ہیں۔ قیام امن کی خاطر تمام متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھ رہے۔ معاون خصوصی وزیراعلیٰ پنجاب رانا بلال احمد نے کہا کہ اٹک سے راجن پور تک صوبہ بھر میں قیام امن کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس اور پراسیکیوشن مجرمان کو کیفر کردار تک پہنچانے کیلئے مشترکہ لائحہ عمل اپنائیں۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے کہا کہ گرو نانک دیو جی کی سالگرہ کی تقریبات سمیت دیگر ایونٹس کیلئے سیکورٹی کے غیر معمولی انتظامات یقینی بنائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پنجاب بھر میں خفیہ ریکارڈنگ ڈیوائسز اور ڈرون کے استعمال پر پابندی عائد ہے۔ اجلاس میں سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی، ایڈیشنل آئی جی محمد علی نیکوکارہ، اسپیشل سیکرٹری داخلہ فیصل فرید، ڈی جی انفورسمنٹ پرائس اینڈ کنزیومر پروٹیکشن عمران قریشی، ایڈیشنل سیکرٹری انٹرنل سیکورٹی، ایڈیشنل سیکرٹری پولیس، ایڈیشنل سیکرٹری جوڈیشل، سی ٹی ڈی، اسپیشل برانچ اور متعلقہ اداروں کے حکام نے شرکت کی۔

پٹرول سستا، مہنگائی برقرار، عوام کو ریلیف نہ مل سکا

اشیائے خوردونوش کے نرخ کم ہونے کے بجائے بدستور بلند، پٹرول مہنگا ہو تو ہر چیز مہنگی، سستا ہو تو قیمتیں نیچے کیوں نہیں آتیں، شہریوں کا سوال

حکومت اور ضلعی انتظامیہ سے منڈیوں سے لے کر دکانوں تک قیمتوں کے نظام کی نگرانی اور عوام کو حقیقی ریلیف دینے کا مطالبہ

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل کمی کے باوجود اشیائے خوردونوش کی قیمتوں میں عوام کو خاطر خواہ ریلیف نہ مل سکا، مہنگائی کے بوجھ تلے دبے شہریوں کے لیے گھریلو اخراجات پورے کرنا مزید مشکل ہو گیا۔ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں کمی کے اعلانات تو سامنے آرہے ہیں لیکن آٹا، چینی، گھی، کوکنگ آئل، دالیں، چاول، دودھ، گوشت، سبزیاں اور دیگر روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں واضح کمی دکھائی نہیں دے رہی، جس کے باعث عام آدمی یہ سوال کرنے پر مجبور ہے کہ آخر سستے پٹرول کا (بقیہ نمبر 11)

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے لانا نصیبہ کی ملاقات

عالمی امور میں اقوام متحدہ کے مرکزی کردار کیلئے پاکستان کی دیرینہ حمایت کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے عالمی امور میں اقوام متحدہ کے مرکزی کردار کے لئے پاکستان کی دیرینہ حمایت اور کثیرالجہتی نظام کے لئے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا ہے۔انہوں نے یہ بات اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے عہدے کی امیدوار لانا نصیبہ سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئےکہی۔منگل کو ترجمان (بقیہ نمبر 19)



کراچی اسٹائل رن وے فیشن شو کے موقع پر چیف آرگنائزر ضیاء ظفر، معروف ماڈلز اور فنکار سنیتا مارشل، زہرہ عامر، صباحت سرہندی، سارہ عمیر، بنیتا ڈیوڈ و دیگر کا گروپ فوٹو

6 سالہ بچی سے زیادتی کیس میں پھانسی کی سزا برقرار رکھنے کا حکم

بچی کے والدین کا راضی نامہ، مجرم کی بریت پر اعتراض نہ کرنے کا بیان مسترد

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے 6 سالہ بچی سے زیادتی کے کیس میں مجرم کو پھانسی کی سزا برقرار رکھنے کا حکم سنا دیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس علی ضیاء باجوہ اور جسٹس امجد پرویز پر مشتمل ڈویژن بنچ نے مجرم محمد آصف کی سزائے موت کے (بقیہ نمبر 21)

ٹیلی کمیونیکیشن سروسز کی فراہمی کیلئے لائسنسنگ فریم ورک تیار

رجسٹرڈ طیاروں کو سیٹلائٹ سے ٹیلی کمیونیکیشن سروسز فراہم کرنے کی اجازت ہوگی

لاہور (این این آئی) دوران پرواز سیٹلائٹ کے ذریعے ٹیلی کمیونیکیشن سروسز کی فراہمی کے لیے پی ٹی اے نے لائسنسنگ فریم ورک کو حتمی شکل دے دی۔ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کے مطابق فضائی سفر کے دوران مسافروں کو بہتر انٹرنیٹ اور مواصلاتی سہولتوں کی فراہمی کی راہ ہموار ہو گی ہے لائسنس یافتہ کمپنیاں پی ایس لیا آر بی سے رجسٹرڈ (بقیہ نمبر 22)

7 سیمنٹ پلانٹس میں تقریبا 2 کھرب سرمایہ کاری کا تخمینہ

اسلام آباد (این این آئی) سپیشل انویسٹمنٹ فیسلی ٹیشن کونسل (ایس آئی ایف سی) کی کارکردگی سے متعلق پہلی جامع سالانہ رپورٹ کا ابتدائی مسودہ آئندہ ماہ تیار ہونے کی توقع ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق رپورٹ میں کونسل کے ذریعے ممکن بنائی جانے والی سرمایہ کاری، سرمایہ کاروں کو دی گئی مراعات اور اہم منصوبوں پر پیش رفت کی تفصیلات شامل ہوں (بقیہ نمبر 20)

2 افراد سے 10 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 2 افراد کو حراست میں لے کر 10 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے02افراد کوحراست میں لے کر 10 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، زیر حراست افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ ایئرپورٹ اور گوجرخان کے علاقوں میں کی گئیں، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ منشیات اور ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

کال سینٹر میں نوکری سے پہلے ہوشیار رہیں، این سی سی آئی اے کی وارننگ

لاہور (این این آئی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے پرکشش تنخواہوں کی آڑ میں کال سینٹرز کے ذریعے نوجوانوں کو جال میں پھنسائے جانے پر خبردار کرتے ہوئے ملازمت اختیار کرنے سے قبل کمپنی کی قانونی حیثیت کی مکمل تصدیق کرنے کی ہدایت جاری کردی ہے۔ این سی سی آئی اے کے مطابق کارروائیوں کے (بقیہ نمبر 23)



صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سال انڈسٹریل اسٹیٹ گوجرانوالہ میں گرڈ سٹیشن کے افتتاح کے بعد دعا مانگ رہے ہیں

بڑکی چوہان میں پلاٹ پر قبضے کی کوشش

سماعت و گویائی سے محروم خاتون سمیت اہل خانہ پر مبینہ تشدد متاثرین کی پوٹھوہار پریس کلب میں پریس کانفرنس

تھانہ گوجرخان میں درخواست جمع، پولیس حکام سے انصاف اور تحفظ فراہم کرنے کا مطالبہ

گوجرخان (قمر شہزاد) بڑکی چوہان میں مبینہ طور پر جدی پشتی پلاٹ پر قبضے کی کوشش کے دوران ایک خاتون سمیت اہل خانہ کو تشدد کا نشانہ بنانے اور سنگین نتائج کی دھمکیاں دینے کا واقعہ سامنے آیا ہے۔ متاثرہ خاندان نے پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے اعلیٰ پولیس حکام سے انصاف اور تحفظ کی اپیل کی ہے ۔درخواست گزار احمد شعیب کے مطابق اس کی خالہ فرزانہ شاہین بیوہ (بقیہ نمبر 12)



کراچی: کراچی میں ملائیشیا کے قونصل جنرل محمد یونس ابراہیم ملائیشیائی سیکنڈ ہوم پروگرام کے حوالے سے بریفنگ دے رہے ہیں

پولیس اہلکار بن کر 25 ہزار روپے رشوت لینے پر جعل ساز گرفتار

ساہیوال (این این آئی) ہڑپہ میوزیم کے قریب ایک ٹیلر ماسٹر وقار احمد کو جعلی پولیس اہلکار بن کر 25 ہزار روپے لینے والے وسیم عباس بھلو گرفتار۔ تفصیلات کے مطابق وقار احمد نے اپنے مخالفین کے خلاف ایک درخواست تھانہ ہڑپہ میں دی جس میں مدد کے لیے پولیس کے جعلی اہلکار بن کر وسیم عباس اور بھلو نے کام کرانے کے لیے 25 ہزار روپے رشوت (بقیہ نمبر 24)

نوجوان کی ہلاکت کے کیس میں ٹریفک اہلکار کی عبوری ضمانت مسترد

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے شادمان میں موٹر سائیکل سوار کو روکنے کی کوشش کے دوران نوجوان کی ہلاکت کے مقدمے میں نامزد ٹریفک پولیس اہلکار سلطان الحق کی عبوری ضمانت کی درخواست مسترد کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس سردار اکبر علی نے ٹریفک اہلکار سلطان الحق کی عبوری ضمانت کی درخواست پر سماعت کی۔ دوران سماعت درخواست گزار کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ موٹر سائیکل سوار محمد زین بغیر ہیلمٹ تیز رفتاری سے موٹر سائیکل چلا رہا تھا۔

11 افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری

سارہ امجد کی خدمات پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے سپرد، نوٹیفکیشن جاری

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 11 افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے ۔نوٹیفکیشن کے مطابق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ جہلم مس سارہ امجد کی خدمات پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے سپرد ،سیکشن آفیسر محکمہ داخلہ طارق محمود ملک کو ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر انفورسمنٹ جہلم جبکہ ان کی قصور میں بطور ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ی (بقیہ نمبر 25)

مرضی کے لوگ بھیجیں گے تو سوال اٹھے گا، سلمان اکرم راجا

اس وقت ایسا کوئی معاملہ نظر نہیں آتا، جس کو ڈیل یا ڈھیل کہہ سکیں، گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سیکرٹری جنرل سلمان اکرم راجانے کہا ہے کہ بانی سے ملاقات کے لیے آئندہ بھی مرضی سے لوگ بھیجیں گے تو سوال اٹھے گا۔اڈیالہ روڈ پر میڈیا سے گفتگو میں سلمان اکرم راجانے کہا کہ گزشتہ سال ہم جو نام دیتے تھے، ان کی بانی سے ملاقات نہیں کرائی جاتی تھی۔انہوں نے کہا کہ اگر آئندہ بھی مرضی (بقیہ نمبر 26)

چک نمبر 91 رب دھنوآنہ میں قبرستان کی اراضی پر مبینہ قبضہ

تحصیل جڑانوالہ کے چک نمبر 91 رب دھنوآنہ میں قبرستان کی 10 سے 12 ایکڑ اراضی اور ہیوی ٹریفک کی سرکاری سڑک پر مبینہ قبضہ

سرکاری کاغذات میں موجود سڑک بند ہونے سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، قبضہ مافیا نے راستہ روک رکھا ہے، شہریوں کا شکوہ

ڈپٹی کمشنر فیصل آباد اور اسسٹنٹ کمشنر جڑانوالہ فوری تحقیقات کروائیں، سرکاری ریکارڈ کے مطابق نشاندہی کر کے اراضی اور راستہ واگزار کروایا جائے ، اہل علاقہ کا مطالبہ

شاہکوٹ (میاں داؤد) پنجاب حکومت ایک طرف سرکاری اراضی کو قبضہ مافیا سے واگزار کروانے کے دعوے کر رہی ہے، تو دوسری جانب چک نمبر 91 رب دھنوآنہ، تحصیل جڑانوالہ، ضلع فیصل آباد میں قبرستان کی تقریباً 10 سے 12 ایکڑ اراضی پر مبینہ قبضے کی شکایات سامنے آ رہی ہیں۔اہل علاقہ کے مطابق گاؤں کے باہر سے ہیوی ٹریفک کی آمدورفت کے لیے مختص سڑک بھی صرف سرکاری کاغذات (بقیہ نمبر 13)

بڑی کارروائی، درجن سے زائد آٹا ڈیلرز کے لائسنس منسوخ

رائے ونڈ (این این آئی) محکمہ خوراک نے رائے ونڈ میں سستا آٹا مہنگا فروخت کرنے اور ذخیرہ اندوزی کے خلاف بڑی کارروائی کرتے ہوئے درجن بھر سے زائد آٹا ڈیلرز کے لائسنس منسوخ کر دیئے، محکمہ خوراک کے مطابق متعدد ڈیلرز سرکاری آٹے کی مقررہ قیمت سے زائد وصولی اور ذخیرہ اندوزی میں ملوث پائے گئے، جس پر ان کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی گئی۔اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے اسسٹنٹ فوڈ کنٹرولر (بقیہ نمبر 27)



لاہور: پولیس اہلکار پنجاب اسمبلی کے اجلاس کے موقع پر الرٹ کھڑے ہیں



پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کراچی پریس کلب میں میٹ دی پریس سے خطاب کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کشمور جنید اقبال خان کا سول اسپتال کندھ کوٹ کا دورہ

ایمرجنسی وارڈ کا تعمیراتی کام ایک ماہ میں مکمل کرنے کی ہدایت

کندھ کوٹ: (سیدرشید احمد شاہ) کندھ کوٹ ڈپٹی کمشنر کشمور ایٹ کندھ کوٹ جنید اقبال خان نے سول اسپتال کندھ کوٹ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے ایمرجنسی وارڈ سمیت اسپتال میں جاری تعمیراتی کاموں اور طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ انجینئرنگ، ورکس اینڈ سروسز بلڈنگز کے افسران کو ہدایت کی کہ ایمرجنسی وارڈ کا (بقیہ نمبر 14)

چیئرمین سی ڈی اے کا مارگلہ ایونیو سنگجانی انٹرچینج منصوبے کا دورہ

مجموعی طور پر اب تک منصوبے کے 41 فیصد ترقیاتی کاموں کو مکمل کرلیا گیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے مارگلہ ایونیو N5 تا M1 توسیع (ایکسٹینشن) و سنگجانی انٹرچینج منصوبے کا دورہ کیا اور ترقیاتی کاموں میں ہونے والی پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔متعلقہ سینئر افسران نے چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کو منصوبے پر (بقیہ نمبر 28)



کراچی: جامعہ کراچی اور ہوپ فلیٹ کے مابین مفاہمتی یادداشت کی دستاویزات پر پروفیسر ڈاکٹر محمد نعیم خان اور حماد تنویر دستخط کر رہے ہیں

اسلام آباد کی نئی انتظامی حدود میں تحصیل فتح جنگ کو شامل کیا جائے

اسلام آباد کی مستقبل کی منصوبہ بندی اور انتظامی ڈھانچے کا حصہ بنایا جائے

فتح جنگ کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت سردار عامر علی خان کا بیان



اسلام آباد (این ای این) فتح جنگ کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت سردار عامر علی خان نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کی انتظامی تشکیل نو اور ممکنہ حدود میں توسیع کے حوالے سے جاری حالیہ بحث کے تناظر میں ہم حکومتِ پاکستان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ضلع اٹک کی تحصیل فتح جنگ کو اسلام آباد کی نئی مجوزہ انتظامی حدود میں شامل کرنے پر سنجیدگی سے غور کیا جائے سردار عامر علی خان کا کہنا تھا کہ تحصیل فتح جنگ جغرافیائی، معاشی (بقیہ نمبر 15)

سی ڈی اے نے آئی سی سی آئی کا مطالبہ تسلیم کرلیا

بلیوایریا سروس روڈ کھولنے کا فیصلہ، کاروباری اداروں کو اہم ریلیف ملے گا

اسلام آباد (این این آئی) کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) نے کاروباری برادری کے مطالبے پر بلیوایریا سروس روڈ ابتدائی طور پر ایک ماہ کے لیے دوبارہ کھولنے پر اتفاق کرلیا ہے ،سڑک کی بندش کے باعث مشکلات کا شکار تاجروں اور کاروباری اداروں کو اہم ریلیف ملے گا۔ یہ فیصلہ چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد لیفٹیننٹ (ر) سہیل اشرف اور اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر محمد ذکریا (بقیہ نمبر 29)



کراچی: بلدیہ ٹاؤن رشید آباد میں فیکٹری میں لگنے والی آگ کو قابو کرنے کے لیے ریسکیو کا کام جاری ہے

نئے صوبے بنانے کی ہر کوشش کا خیر مقدم کرینگے، خرم نواز گنڈاپور

''ظل سبحانی'' سوچ والے راہنماؤں سے نجات کے لئے نئے صوبے ضروری ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان عوامی تحریک کے سیکرٹری جنرل خرم نواز گنڈاپور نے کہا ہے کہ نئے صوبے بنانے کی ہر کوشش کا خیر مقدم کرینگے۔ ''ظل سبحانی'' سوچ والے راہنماؤں سے نجات کے لئے نئے صوبے ضروری ہیں۔ موجودہ جمہوریت نے لاقانونیت اور خودغرضی کو پروان چڑھایا۔ وہ گزشتہ روز صدر پاکستان عوامی تحریک راولپنڈی غلام (بقیہ نمبر 30)



نارووال: ڈپٹی کمشنر محمد طیب خان اپنے دفتر آنے والے سائلین کے مسائل سن رہے ہیں

کلر سیداں پولیس کی کارروائی ،3 ملزمان گرفتار

21 الیکٹرک سگریٹ/ ویپ، 322 فلیور/لیکوڈ سمیت دیگر سامان برآمد

راولپنڈی (این این آئی) کلر سیداں پولیس نے الیکٹرک سگریٹ/ویپ سپلائرز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان گرفتار کر کے 21 الیکٹرک سگریٹ/ ویپ، 322 فلیور/لیکوڈ سمیت دیگر سامان برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق کلر سیداں پولیس نے الگ الگ مقدمات درج کر کے گرفتار کرلیا، ویپ اور منشیات کے استعمال کے نقصانات کے حوالے سے تعلیمی اداروں سمیت شہر بھر میں بینرز اور پوسٹرز آویزاں کیے گئے ہیں،اس حوالے سے شہر کے مختلف علاقوں میں آگاہی واکس کا بھی انعقاد کیا گیا، ویپ اور منشیات (بقیہ نمبر 31)

راولپنڈی پولیس کی اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں

چیک ڈس آنر کے 3 مختلف مقدمات میں مطلوب 3 اشتہاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے 3 مختلف مقدمات میں مطلوب 3 اشتہاری گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے اشتہاری مجرمان کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے 3 مختلف مقدمات میں مطلوب 3 اشتہاریوں کو گرفتار کرلیا، نیوٹاؤن پولیس نے چیک ڈس آنر کے دو مقدمات میں مطلوب 2 اشتہاریوں کو گرفتار کر(بقیہ نمبر 32)

ایڈیٹر انچیف ۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان کی ستھرا پنجاب ورکرز سے براہ راست ملاقات

50 سے زائد سینٹری ورکرز نے شکایات پیش کیں، سیدہ زینب حسین نے نام خود نوٹ کیے، مسائل کے حل کی یقین دہانی

تنخواہوں اور انتظامی امور پر بھی استفسار، ورکرز کے لیے دفتر کے دروازے ہر وقت کھلے رکھنے کا اعلان

گوجرخان (قمر شہزاد) اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان سیدہ زینب حسین نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے پروگرام ''ستھرا پنجاب'' کے تحت تحصیل میں تعینات سینٹری ورکرز، گاڑیوں کے عملے اور سپروائزرز سے براہ راست ملاقات کی۔ اس موقع پر انہوں نے 1072 ملازمین کی ویریفکیشن کے دوران ان کے مسائل دریافت کیے۔ 50 سے زائد ورکرز نے اپنی شکایات اور انتظامی مسائل پیش کیے، جن کے نام اسسٹنٹ کمشنر نے خود نوٹ کیے۔انہوں نے ملازمین سے تنخواہوں کی ادائیگی، حاضری اور دیگر امور کے بارے میں بھی استفسار (بقیہ نمبر 18)



چوکی: پیپلز پارٹی کی سینئر رہنما فریال تالپور اور راجہ پرویز اشرف سابق ایم پی اے چودھری امجد میں سے انکی اہلیہ کی وفات پر اظہار تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

گنجمنڈی پولیس کے ضرر کے مقدمہ میں مطلوب ملزم گرفتار کرلیا

راولپنڈی (این این آئی) گنجمنڈی پولیس کے ضرر کے مقدمہ میں مطلوب ملزم گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق گنجمنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ضرر کے مقدمہ میں مطلوب ملزم کو گرفتار کرلیا، ملزم نے ایک ہفتہ قبل سابقہ رنجش پر ساتھی کے ہمراہ تشدد کر کے شہری کو زخمی کر دیا تھا، گنجمنڈی پولیس نے واقعہ کا مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کرلیا، ملزم کے دوسرے ساتھی کی گرفتاری کے لیے ریڈ کیے جا رہے ہیں، ایس پی راول بیدار بخت گوندل (بقیہ نمبر 33)

2 منشیات سپلائر گرفتار، 3 کلو سے زائد منشیات برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے 2 منشیات سپلائر گرفتار کر کے 3 کلو سے زائد منشیات برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق صادق آباد پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 1 کلو 250 گرام ہیروئن برآمد کی، پیرودھائی پولیس نے منشیات سپلائر کو حراست میں لے کر 2 کلو 100 گرام چرس برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے، منشیات کے ناسور کے خاتمے کے لیے تمام اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

13 سالہ فاطمہ اصغر کی المناک موت پر غم کا اظہار

ہمارے معاشرے میں ان کی کوئی گنجائش نہیں، آصفہ بھٹو زرداری

اسلام آباد (این این آئی) خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے اسلام آباد میں 13 سالہ فاطمہ اصغر کی المناک موت پر گہرے دکھ اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے واقعات ناقابل قبول ہیں اور ہمارے معاشرے میں ان کی کوئی گنجائش نہیں۔ منگل کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق خاتون اول نے کہا (بقیہ نمبر 34)

سموگ کی بگڑتی صورتحال، سیٹلائٹ مانیٹرنگ شروع کردی

صوبے کے 12 اضلاع میں سموگ کی صورتحال کو ہائی اور تشویشناک قرار دیدیا گیا

لاہور (این این آئی) پنجاب میں سموگ کی شدت بڑھنے کے پیش نظر سپارکو نے سیٹلائٹ کے ذریعے سموگ کی مانیٹرنگ کا آغاز کردیا ہے، جبکہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف اضلاع میں سموگ میں مزید اضافے کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے۔رپورٹ کے مطابق پنجاب کے 23 اضلاع سموگ سے زیادہ متاثر ہونے کا خدشہ ہے، جبکہ پی ایم 2.5 کی شرح 64 سے 72 مائیکرو گرام تک پہنچ سکتی ہے۔سپارکو کی رپورٹ میں پنجاب (بقیہ نمبر 35)

عوامی للکار کی نشاندہی مؤثر — گوجرخان میں ٹرانسپورٹ کرایوں پر انتظامیہ حرکت میں آگئی

پٹرولیم مصنوعات سستی ہونے کے بعد کرایوں پر نظرثانی، مسافروں سے زائد وصولی روکنے کے لیے کارروائی

آر ٹی اے اور ٹریفک پولیس کا مشترکہ معائنہ، نئے کرایوں کی فہرست آویزاں کرنے اور خلاف ورزی پر کارروائی کی ہدایت



پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری پریس کلب میں میٹ میں پریس کلب سے خطاب کر رہے ہیں

گوجرخان (قمر شہزاد) پٹرولیم مصنوعات سستی ہونے کے باوجود مسافروں کو پرانے کرایوں پر سفر کرنے پر مجبور کیے جانے کی عوامی للکار میں نشاندہی رنگ لے آئی، متعلقہ محکموں نے معاملے کا نوٹس لیتے ہوئے گوجرخان میں ٹرانسپورٹ کرایوں کی جانچ پڑتال شروع کردی۔ سیکرٹری ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی (آر ٹی اے) کی جانب سے خصوصی ٹیم گوجرخان پہنچائی گئی جبکہ چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی فرحان اسلم کے احکامات پر انچارج ٹریفک سرکل گوجرخان محمد قاسم کی قیادت میں (بقیہ نمبر 17)

مولانا نذر الرحمان کی وفات بڑا نقصان ہے، نواز شریف

مرحوم ایک عظیم اسلامی عالم، شیخ الحدیث اور مخلص داعی تھے، سابق وزیراعظم

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعظم نواز شریف نے امیر تبلیغی جماعت مولانا نذر الرحمان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحوم ایک عظیم اسلامی عالم، شیخ الحدیث اور مخلص داعی تھے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے (بقیہ نمبر 36)

حکومت مسلسل دوسرے روز بھی کورم پورا کرنے میں ناکام

تین گھنٹے سے زائد تاخیر سے اجلاس شروع ہو کر ایک گھنٹہ بائیس منٹ بعد کورم کی نذر ہوگیا

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کو مسلسل دوسرے روز بھی اسمبلی اجلاس میں کورم پورا نہ ہونے کے باعث سبکی کا سامنا کرنا پڑا، وزراء، اراکین اسمبلی کی عدم دلچسپی کے باعث تین گھنٹے سات منٹ کی تاخیر سے شروع ہونے والا اجلاس صرف ایک گھنٹہ بائیس منٹ جاری رہنے کے بعد بدھ کی صبح ساڑھے گیارہ بجے تک ملتوی کر دیا گیا۔ اسمبلی اجلاس کے انعقاد پر ہونے والے بھاری سرکاری اخراجات کے باوجود ایوان کی کارروائی (بقیہ نمبر 37)

سرکاری سکولوں میں مڈٹرم امتحانات 7 دسمبر سے شروع ہونگے

لاہور (این این آئی) پنجاب بھر کے سرکاری سکولوں میں مڈٹرم امتحانات کے انعقاد کا شیڈول جاری کر دیا گیا۔ صوبے بھر میں مڈٹرم امتحانات کا آغاز 7 دسمبر سے ہوگا، امتحانات کا سلسلہ 18 دسمبر تک جاری رہے گا۔ 23 دسمبر تک طلبہ کے پیپرز کی مارکنگ مکمل کی جائے گی جبکہ امتحانات کے نتائج 31 دسمبر کو جاری کیے جائیں گے۔

سندر پولیس نے اسلحہ لے کر گھومنے والے 12 ملزمان کو گرفتار کرلیا

لاہور (این این آئی) سندر پولیس نے اسلام نگر کے علاقے میں مسلح افراد کی موجودگی کی اطلاع پر فوری کارروائی کرتے ہوئے اسلحہ لے کر گھومنے والے 12 افراد گرفتار کر لیئے۔ ملزمان اسلحے کے لائسنس یا قانونی اجازت نامے پیش نہ کر سکے۔ گرفتار ملزمان سے 14 رائفلیں و ریپیٹر اور 4 پسٹل برآمد کر کے آرمز آرڈیننس کے تحت مقدمہ درج کر لیا۔ ملزمان اسلحہ لے کر کہاں اور کس مقصد کے لیے جا رہے تھے، تحقیقات جاری ہیں۔ ڈی آئی جی آپریشنز کا اس موقع پر کہنا تھا کہ شہر میں اسلحہ لے کر خوف و ہراس پھیلانے کی اجازت نہیں۔ لاہور کی سڑکوں پر مسلح ہو کر گھومنے والوں سے قانون سختی سے نمٹے گا۔



امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن منصورہ میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

کندھ کوٹ پریس کلب کے سامنے عبید گاہ محلے کے رہائشی میاں بیوی کا احتجاج

میڈیا سے وابستہ شخص پر گھر میں زبردستی داخل ہونے، جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے اور بلیک میل کرنے کے سنگین الزامات

متاثرہ خاندان کا ڈی آئی جی لاڑکانہ شیراز نظیر اور ایس ایس پی کشمور ڈاکٹر سمیع اللہ سومرو سے تحفظ فراہم کرنے، واقعے کا نوٹس لینے کا مطالبہ

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ شہر کے عبیدگاہ محلے کے رہائشی محمد مراد شیخ اور ان کی اہلیہ بینظیر شیخ نے کندھ کوٹ پریس کلب کے سامنے احتجاج کرتے ہوئے میڈیا سے وابستہ شوکت مری پر گھر میں زبردستی داخل ہونے، جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے ، ہراساں کرنے اور مبینہ طور پر بلیک میل کرنے کے سنگین الزامات عائد کیے ہیں۔ احتجاج کے دوران متاثرہ میاں بیوی نے اپنی فریاد بیان کرتے ہوئے اعلیٰ پولیس حکام سے انصاف اور تحفظ فراہم کرنے کی اپیل کی احتجاج کرنے والے (بقیہ نمبر 16)

ڈی آئی جی کی جانب سے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد

شہریوں کی جانب سے ہراسگی، گھریلو جھگڑوں اور دیگر سماجی مسائل بارے شکایات

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔شہریوں کی جانب سے ہراسگی، گھریلو جھگڑوں اور دیگر سماجی مسائل بارے شکایات موصول ہوئیں۔فیصل کامران نے شہریوں کی شکایات سن کر فوری احکامات جاری کیے۔ وراثتی تنازعات کے بروقت حل اور امن و امان برقرار رکھنے کے لیے ایس ایچ اوز کو خصوصی ہدایات دی گئیں۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ شہریوں کو انصاف، تحفظ اور بروقت قانونی رہنمائی فراہم کرنا لاہور پولیس کی اولین ذمہ داری ہے۔ خواتین کے تحفظ اور ہراسگی کے واقعات پر کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی۔ شہریوں کی شکایات میں غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔

